انتخاب رسالہ جامعہ

جلد پنجم

اشاریہ رسالہ جامعہ

۱۹۲۳-۱۹۴۷ و ۱۹۶۰-۲۰۰۸

مرتب

شہاب الدین انصاری

جامعہ ملّیہ اسلامیہ

انتخاب رسالہ جامعہ

جلد پنجم

اشاریہ رسالہ جامعہ

(۱۹۲۳ – ۱۹۴۷ء و ۱۹۶۰ – ۱۹۹۴ء)

مع ضمیمہ

(۱۹۹۴ء – ۲۰۰۸ء)

مرتب

شہاب الدین انصاری

جامعہ ملیہ اسلامیہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

اشاریہ رسالہ جامعہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

مرتب : شہاب الدین انصاری

پہلا ایڈیشن : جنوری ۲۰۱۲ء

تعداد : تین سو (مجلّد)

قیمت : تین سو روپے

سرورق : محمد افسر

ناشر : ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۵

تقسیم کار : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ
جامعہ نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵
اردو بازار، دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶
پرنسس بلڈنگ، ممبئی۔ ۴۰۰۰۰۳
شمشاد مارکیٹ، علی گڑھ، ۲۰۲۰۰۲

مطبع : کلاسک آرٹ پرنٹرس
پٹودی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۲

مشاورتی کمیٹی

پروفیسر مشیر الحسن ...... صدر

پروفیسر شمیم حنفی ...... کنوینر

اراکین

سیّد شاہد مہدی

پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی

ڈاکٹر شہاب الدین انصاری

پروفیسر اختر الواسع

نعیم اللہ صدیقی

پروفیسر شمس الحق عثمانی

پروفیسر انیس الرحمٰن

فرحت احساس

ڈاکٹر تجمل حسین خاں

ترتیب

پہلا حصہ

دوسرا حصہ

تیسرا حصہ

چوتھا حصہ
ضمیمہ
(۱۹۹۴ – ۲۰۰۸ء)

حرفِ آغاز

رسالہ جامعہ کے منتخبات کی اشاعت کے سلسلے کی یہ پانچویں اور آخری قسط 'جامعہ' کے مکمل اور تفصیلی اشاریے کی صورت میں پیش خدمت ہے۔ اس طرح اس عہد ساز علمی جریدے کی تمام تر صحافتی، فکری اور ادبی اثاثے کے بہترین منتخب حصے کی یکجا پیش کش کی یہ کوشش انجام کو پہنچی۔ مگر یہ انجام تبھی ثمر مند ہوگا جب اسے ایک نئے آغاز کی بنیاد بنایا جائے، آغاز رسالہ جامعہ کی علمی وفکری خدمات کے ایک مبسوط اور بے لاگ جائزے کا جس کے تحت ادبی صحافت کی اس عظیم زندہ روایت کے چھوڑے ہوئے نقوش، قائم کیے گئے معیارات اور پیش کردہ نصب العین کی گہری تفہیم کی جائے اور اس کی بنیاد پر خود جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودہ صورت حال کو سمجھنے کے جتن کیے جائیں۔

یہ اشاریہ محض رسالے میں شائع ہونے والے مضامین اور ان کے مصنفین کی زمانی ترتیب میں پیش کی گئی معلومات کا مجموعہ نہیں بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر اردو زبان و ادب اور اس کے فکری و علمی ارتقا کی گزشتہ ایک صدی کی ایک ایسی تاریخی دستاویز ہے جس کے آئینے میں ہماری علمی وفکری پیش رفت کے ایسے عکس منور نظر آتے ہیں جن کی روشنی اب ہم سے دور ہوتی جارہی ہے۔ یہ اشاریہ ہمیں اس روشنی سے ازسرنو وابستہ ہونے، اسے اپنے اندر جذب کر کے اس کا تحفظ کرنے اور اس کی بنیاد پر اس روایت کو برقرار رکھنے کی تحریک دیتا ہے۔ اس اشاریے سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیسویں صدی کی دوسری دہائی کے وسط میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے قیام کے بعد اس تعلیمی تحریک کے جلو میں جو ذہن یکجا ہوئے ان کے علمی وفکری سروکار کتنے وسیع اور متنوع تھے جن کا بھرپور اظہار رسالہ 'جامعہ' کے توسط سے ہوا۔ اشاریے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان ذہنوں نے اپنے زمانے کے تقریباً تمام علوم اور علمی موضوعات سے گہرا ربط پیدا کیا اور ترجمے اور طبع زاد مضامین کے ذریعے اس علمی سرمایے کے اردو کی علمی وفکری بساط کو وسیع تر اور ثروت مند کیا۔ اس اشاریے سے یہ حقیقت بھی سامنے آتی ہے کہ اس وقت کی جامعہ نے اردو میں علمی اظہار کرنے والے کتنے بہت سے ذہنوں کو یکجا کرلیا تھا جو تقریباً تمام موضوعات کیا سماجیات و اقتصادیات، کیا فلسفہ ونفسیات اور کیا ادب وشاعری پر بے تکان لکھ سکتے تھے۔ ان میں سے بہت سے لکھنے والوں اور ترجمہ کاروں کے نام زمانے کی گرد میں دب چکے ہیں۔ یہ اشاریہ ہمیں دعوت دیتا ہے کہ تحقیق کار آئیں اور ان ناموں پر لگی گرد صاف کر کے انہیں دوبارہ چمکانے کی کوشش کریں تاکہ اردو کی علمی تاریخ میں ان کی جگہ محفوظ کی جاسکے۔

رسالہ 'جامعہ' اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تاریخ تقریباً ایک ہی نقطے سے شروع ہوتی ہے کہ جامعہ کے پیدا ہونے کے چند سال بعد ہی رسالہ جامعہ نے بھی وجود حاصل کیا اور پھر یہ دونوں ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم اور ناگزیر ہوگئے۔ رسالہ 'جامعہ' دراصل جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دل و دماغ کی تمام تر اندرونی کیفیات کا لازمی ذریعۂ اظہار تھا۔ اس کے بغیر جامعہ کا مقصد اپنی ٹھوس شکل وصورت حاصل ہی نہیں کرسکتا تھا۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ جس نصب

اعین کے تحت قائم کی گئی تھی، رسالہ جامعہ اس کے علمی اظہار کا وسیلہ تھا۔ اس طرح اگر رسالۂ جامعہ نہ ہوتا تو جامعہ ملیہ اسلامیہ علمی لحاظ سے وجود نہ رکھتی۔

رسالۂ جامعہ کے اس سلسلۂ انتخاب نے اس رسالے کا تمام تر علمی وفکری منظرنامہ ہمارے سامنے کھول کر رکھ دیا ہے۔ یہ ہماری ایک نہایت بیش قیمت اور گراں قدر علمی میراث ہے۔ لیکن اس میراث کو ماضی کے خانہ تاریک میں بند رکھا گیا تو اس کی روشنی ماند پڑتے پڑتے ایک دن تاریخ کے گرد وغبار میں گم ہوجائے گی۔ اس میراث کو ایک زندہ روایت کے طور پر باقی رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس کے ساتھ رشتۂ وفا ازسرِنو استوار کیا جائے اور اس عہد کی تجدید کی جائے جو ہمارے بزرگوں نے بیسویں صدی کے اوائل اور انیسویں صدی کے دوران دیکھا تھا۔ رسالۂ جامعہ کا علمی سرمایہ دراصل سرسید اور ان کے رفقا کی قائم کردہ علمی روایت کا ہی تسلسل تھا۔ یہ روایت نہ ہوتی تو اس کے بعد آنے والے اب تک لفظ ومعنی کے درمیان رشتے قائم کرنے سے محروم رہے ہوتے۔ اس لحاظ سے رسالۂ جامعہ کا یہ انتخاب سرسید کی برپا کردہ مسلم نشاۃ الثانیہ کی برکتوں اور خدمتوں کو بہ صورت دیگر ہمارے سامنے لانے کا ایک وسیلہ بھی ہے۔ لیکن ہمیں اس انتخاب تک محدود نہیں رہنا ہے یہ تو محض ایک منتخب صورتوں کا آئینہ ہے جس کا مقصد قاری کو اس تمام علمی وفکری نگار خانے میں داخل کرتا ہے جسے رسالۂ جامعہ نے اپنے صفحات پر آراستہ کر رکھا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ رسالۂ جامعہ کی اس آخری جلد میں پیش کردہ اشاریہ اس رسالے کو بالاستیعاب اور بہ تمام وکمال پڑھے جانے کا ذریعہ بنیں تاکہ اس جریدے سے وابستہ تاریخ کو سمجھنے کا سلسلہ شروع ہو اور اس کی پیدا کردہ روایت کو مضبوط تر کرنے کی کوششیں شروع ہوں۔ ہم جانتے ہیں کہ روایتیں اگر فراموش کردی جائیں تو محض ماضی کی یادگار بن کر رہ جاتی ہیں۔ ہمیں رسالۂ جامعہ کو ماضی کی تجدید کا ذریعہ بنانا ہے۔ آیئے عہد کریں کہ رسالۂ جامعہ کو اپنے اندر موجود تمام تر علمی و فکری توانائی سے مزید ثروت مند کریں گے تاکہ یہ روایت نئی علمی کامرانیوں کا نقطۂ آغاز بن سکے۔

ہمارے لیے فخر وطمانیت کی بات ہے کہ یہ اشاریہ ایک ایسی ماہرِ فن شخصیت کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے، جس نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے کتب خانہ، ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری کو جدید خطوط پر منظم اور استوار کیا۔ جا۔ ۔کی دورِ جدید کی جب بھی تاریخ لکھی جائے گی، جناب شہاب الدین انصاری صاحب کا نام اساطین جامعہ میں شمار کیا جائے گا۔ رسالہ جامعہ کے دورِ ثانی کے مدیران سے انصاری صاحب کا جس طرح کا ذاتی اور گہرا تعلق رہا ہے اور انھیں اس رسالہ سے جو جذباتی وابستگی رہی ہے، اس بنا پر واقعتاً یہ انھیں کا حق تھا کہ وہ اس کام کو سر انجام دیتے۔ ہم جامعہ برادری اور تمام علمی حلقوں کی طرف سے ان کے لیے سراپا سپاس ہیں۔ آخر میں طباعت کے مرحلوں کو آسان بنانے میں ڈاکٹر تجمل حسین خان، ذہین اختر ندوی اور ڈاکٹر عطاء الرحمان صدیقی صاحبان کی کاوشوں کا اعتراف بھی میرے لیے ضروری ہے۔

اختر الواسع

ابتدائیہ

رسالہ جامعہ کا اشاریہ
(۱۹۲۳-۲۰۰۴ء)

سماجی زندگی کے دورِ اوّل سے آج تک جملہ اقسام کی معلومات کے ذرائع ابلاغ مختلف ادوار سے گذرے ہیں۔ جب خیالات ابلاغ کے لیے اشاروں کے محتاج تھے تو ہر دو فریق یعنی کہنے والے اور سننے والے کو ایک ہی وقت میں ایک جگہ پر ہونا لازمی تھا۔ جب انھیں الفاظ کا جامہ ملا تو پہلے حافظہ ضروری ہوا، اور جب الفاظ کے لیے حروف وضع ہوئے تو انھیں محفوظ رکھنے اور ان کے ابلاغ کی ضرورت نئے وسیلے کی متلاشی ہوئی۔ تلاشِ وسیلہ کا یہ عمل مٹی، پتھر، چھال، کپڑا، چمڑے کے وسیلوں سے ہوتا ہوا، کاغذ تک پہنچا۔ ایک لمبے عرصے تک کاغذ کی حکمرانی رہی لیکن جب قلم کی جگہ مشین نے لے لی تو کاغذ کو چپس نے بے دخل کر دیا اور آج نہ کاغذ کی ضرورت رہ گئی نہ قلم کی۔ معلومات اور علم برقی رو پر آواز کی طرح ہمہ وقت گردش میں ہیں۔ اب آپ جب چاہیں جہاں چاہیں اور جتنی مقدار چاہیں حصول ممکن ہے۔ لیکن یہ کہنا درست نہیں کہ ہم علم اور معلومات تک دسترس کے لیے کاغذ پر ثبت موادِ علمی سے پورے طور پر آزاد ہو گئے ہیں۔ علم اپنے کاغذی پیرہن میں کتاب اور رسالہ دونوں شکلوں میں موجود اور دستیاب رہے گا۔ رسالہ کتاب ہی کی ایک شکل ہے جو کتاب کے ذریعے ابلاغ میں درکار مدت کی مجبوری سے بچ نکلنے کی ایک صورت کے طور پر وجود میں آیا اور دید و دریافت میں اولیت حاصل کرنے کی ضرورت کے

تحت تحقیق وتصنیف کے دائرے میں اہمیت اختیار کر گیا۔ تاریخ کے اعتبار سے ایک ہی نام سے ایک متعین وقفہ سے شائع ہونے والا پہلا رسالہ پیکنگ گزٹ کہا گیا ہے جس کی اشاعت ساتویں صدی عیسوی میں بتلائی جاتی ہے۔ لیکن دور جدید میں رسالہ شائع ہونے کی ابتدا یورپ میں سترہویں صدی میں ہوئی۔ ۱۶۶۵ء میں انگلینڈ اور جرمنی سے تقریباً ایک ساتھ سائنسی موضوعات پر دو رسالے نکلے۔ 'فلاسفیکل ٹرانزیکشن' (رائل سوسائٹی لندن) اور 'جرنل وی وی اسکوینا' دونوں کو اولیت حاصل ہے۔ الرچ (Ulrich) پریاڈیکل ڈائرکٹری (۲۰۰۴ء) کے مطابق آج ایک لاکھ ساٹھ ہزار رسالے شائع ہو رہے ہیں۔ ہندوستان سے انگریزی زبان میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ ایشیاٹک ریسرچز (Asiatic Researches) ہے جو کلکتہ سے ۱۷۷۸ء میں شائع ہونا شروع ہوا تھا۔ اردو زبان میں شائع ہونے والے رسالوں میں سب سے پہلا نام 'خیر خواہ ہند' کا ہے جو ۱۸۳۷ء میں مرزا پور سے شائع ہوا تھا۔ انیسویں صدی کے نصف آخر میں قرن السعدین (۱۸۴۵ء)، تہذیب الاخلاق (۱۸۶۸ء)، حسن (۱۸۸۰ء)، افسر (۱۸۹۷ء)، علی گڑھ میگزین (۱۸۹۳ء) اور بیسویں صدی کے ساتھ معارف (علی گڑھ)، اور مخزن (لاہور) شائع ہونا شروع ہوئے۔

جیسا کہ اوپر ذکر ہوا رسالہ شائع کرنے کی ضرورت کے پیچھے معلومات کو کتاب کی بہ نسبت زیادہ تیز رفتاری سے پہنچانا مقصود ہوتا ہے۔ کسی مسئلے پر نئے پہلو سے روشنی، کسی مشاہدے سے حاصل جانکاری کا ابلاغ، کسی تجربے کے نتائج کی جلد از جلد تشہیر اور کسی موضوع پر ایک خیال یا نظریہ جو ابھی کتاب کی حیثیت اختیار کرنے کی حد کو نہیں پہنچا ہے، مضمون کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے۔ اور اس ضرورت کی تکمیل رسالے سے ہوتی ہے۔ کسی بھی مضمون میں تحقیق کے عمل کو مزید آگے بڑھانے میں رسالے کا رول بہت اہم ہوتا ہے۔ اپنے مخصوص دائرہ علم میں رسالہ وہی رول ادا کرتا ہے جو خطوط دو اشخاص کے درمیان تبادلہ خیال میں ادا کرتے ہیں۔

لیکن جہاں تحقیق وجستجو کی پیش رفت سے واقفیت کے لیے رسالے کا مطالعہ ناگزیر ہے اسی جگہ رسالے میں شائع مضامین کی نشان دہی خصوصاً کسی نسبتاً بڑے مضمون کی نشان دہی اور ان کے حصول کا کام کتابوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ مشکل ہے۔ کتب خانوں میں کتابوں کا

اندراج فہرست یا کیٹلاگ میں مصنف کے نام، کتاب کے نام اور اگر کسی غیر زبان سے ترجمہ ہے تو مترجم کے نام سے ہوتا ہے۔ اگر کتاب تلاش کرنے والے کو ان میں سے کوئی نام یاد نہیں ہے تو وہ موضوعی کیٹلاگ میں مضمون پر موجود تمام کتابوں کو دیکھ کر اپنی ضرورت کی کتاب طلب کرسکتا ہے۔ اس کے برعکس رسائل کا اندراج محض اس کے نام سے ہوتا ہے اس میں موجود مضامین، تبصرے، مختصر نوٹ، اداریہ، اعلانات، مراسلے، غرض ایک شمارے میں اتنی کچھ معلومات ہوتی ہیں اور پھر اپنے وقفہ اشاعت کے اعتبار سے ایک سال اور پھر چند برسوں میں ان کی تعداد اتنی زیادہ ہوجاتی ہے کہ کتب خانے کا کیٹلاگ اس سلسلے میں قاری کی مدد کرنے سے مجبور ہوجاتا ہے۔ اس مشکل کا ایک حل خود رسائل پیش کرتے ہیں جب وہ سال کے آخر میں تمام مطبوعہ شماروں کے اندراجات کا ایک اشاریہ شائع کرتے ہیں۔ لیکن درکار مضمون کی تلاش میں یہ سالانہ شائع اشاریے اسی وقت مفید ہوسکتے ہیں جب تلاش کنندہ مضمون کا سنِ اشاعت یاد ہو یا کسی طرح معلوم ہوجائے۔ اگر کسی ایک موضوع پر کسی ایک رسالے کے مختلف شماروں میں طبع مضامین دیکھنے کی ضرورت ہو یا مختلف رسالوں میں ایک موضوع پر شائع مضامین کی تلاش کی ضرورت پڑے تو یہ مشکل دو چند ہوجاتی ہے۔

رسائل کے مضامین تک دسترس کی ان مشکلات کے حل کے طور پر دو طرح کے اشاریے وجود میں آئے۔ ایک قسم ان اشاریوں کی ہے جو کسی ایک رسالے کے ایک سے زیادہ شماروں کے مجموعی اندراجات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ دوسری قسم ان کی ہے جو ایک ہی موضوع پر مختلف رسالوں میں موجود اندراجات پر مشتمل ہوتے ہیں۔

کتاب کا اشاریہ ہو یا رسالے کا، اس کا بنیادی مقصد مضمون میں مذکور اصطلاحات، اشخاص کے نام و اماکن اور مضمون کے ذیلی موضوعات تک پہنچنے میں رہنمائی ہوتی ہے اور اسی لیے اسے مرتب کیا جاتا ہے۔ لیکن ترتیب کے اعتبار سے اس میں اندراجاتِ متن کے متوازی نہ ہوکر اس سے مختلف اور عموماً الفبائی ترتیب میں ہوتے ہیں۔ اشاریے کی مدد سے کسی مضمون کے خاص حصے یا مضمون میں بحث کے کسی مخصوص پہلو کی شناخت آسان ہوجاتی ہے اور مواد کو تلاش کرنے والا اس حصے یا پہلو تک وقت ضائع کیے بغیر پہنچ جاتا ہے۔

اشاریہ سازی کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ اس کی ابتداء مذہبی صحیفوں کے سلسلے میں ہوئی۔ مذہبی صحیفوں میں کسی اصطلاح، واقعہ یا روایت کی نشان دہی کے لیے مُرتّب اشاریوں کو کنکارڈینس یا گنجینۂ الفاظ/کشف الالفاظ کا نام دیا گیا۔ انیسویں صدی اور اس کے بعد کے برسوں میں تصنیف و تحقیق کے میدان میں بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کی بدولت رسالوں کی تعدادِ اشاعت بھی متاثر ہوئی۔ ان کی تعداد میں بہت تیزی سے اضافے کی بدولت محققین کو اپنی ضرورت کے مضامین کی تلاش میں پریشانی کا احساس ہوا، اور اسی ضرورت نے رسائل کے مضامین کی اشاریہ سازی کی طرف توجہ مبذول کرائی۔ امریکہ میں بیسویں صدی کے شروع میں ولیم فریڈرک پول نے ''۴۷۰'' امریکی اور برطانوی رسائل میں ۱۸۸۸-۱۹۰۲ء کے درمیان شائع مضامین کا ایک مجموعی اشاریہ کئی جلدوں میں ۱۸۸۲-۱۹۰۷ء شائع کیا۔ آج یہ حالت ہے کہ دائرۂ علم کے تمام مضامین میں سے شاید ہی کوئی مضمون اور اس کے ذیلی موضوعات ہوں گے جن میں مطبوعہ رسائل کے اشاریے دستیاب نہ ہوں۔

اردو زبان میں اشاریہ سازی کی روایت بہت پرانی نہیں ہے اور اشاریہ سازی ہی کیا اردو میں معیاری سطح کی حوالجاتی کتابیں، لغات کے استثنا کے ساتھ، تقریباً ناپید ہیں۔ راقم کی محدود معلومات کے مطابق رسالوں کی موضوعی اشاریہ سازی کی جانب توجہ پہلی بار جناب محمد عتیق صدیقی مرحوم نے دلائی۔ انھوں نے اردو ادب کے ۱۹۶۲ء کے شمارہ نمبر ۲ میں مولانا ابوالکلام آزاد کے اخبار الهلال کے انڈکس کی تجویز پیش کی۔ اشاریہ سازی کی جانب توجہ دلاتے ہوئے انھوں نے لکھا: 'ان بیش بہا نوادرات سے استفادہ کے لیے ضروری ہے کہ الهـــلال کا مبسوط اشاریہ (انڈکس) تیار کیا جائے۔ یہ کام دشوار ہے اور اس وجہ سے اور بھی دشوار معلوم ہوتا ہے کہ اردو ہندی میں تحقیق کی یہ بدعت جو تحقیق کی ایک اہم شاخ ہے نایاب ہونے کی حد تک کم یاب ہے۔' انھوں نے نہ صرف یہ کہ اس کی ضرورت اور اہمیت کی جانب اشارہ کیا بلکہ الهـــلال کا اشاریہ تیار کرنے کا ایک خاکہ بھی پیش کیا۔ ان کے مطابق یہ اشاریہ چار حصوں پر مشتمل ہوگا:

- ☆ مضامین کی شمارہ وار فہرست
- ☆ یکجا موضوعی فہرستِ مضامین جو حروف تہجی کے اعتبار سے

مرتب ہوگی۔

☆ مصنف اشاریہ

☆ مضامین کا عام اشاریہ (غالباً اس سے ان کی مراد جملہ مضامین اپنے عنوان کے حروفِ تہجی کے مطابق ایک تسلسل میں درج ہوں گے۔)

انھوں نے اپنے مضمون میں الھلال کے موضوعی اشاریہ کی الف کی تقطیع پر مشتمل ایک نمونہ بھی پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے اس روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے رسالہ برھان کے اپریل تا جون ۱۹۶۶ء کے شماروں میں 'علوم اسلامیہ کی ایک انسائیکلو پیڈیا' کے عنوان کے تحت معارف (اعظم گڑھ) اور برھان کے مضامین کے اشاریے شائع کرائے۔ اشاریہ سازی کے اس سفر میں تیسرا نام غالباً ڈاکٹر انصار اللہ کا ہے جنھوں نے 'تحقیقی مقالات' 'اردو ادب میں تنقید و تحقیق' اور 'ھماری زبان کے تبصرے' جیسے عنوانات پر اشاریہ مرتب کر کے 'سہ ماہی' اردو ادب میں شائع کرایا۔

اردو زبان کے رسائل کی اشاریہ سازی تحریک کو اس وقت مزید قوت ملی جب ڈاکٹر بیدار نے خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری کی ڈائرکٹرشپ قبول کی اور اشاریہ سازی کے ایک منصوبے کے تحت نگار، برھان، جامعہ، خدابخش جرنل، نیا دور، سچ وغیرہ کے اشاریے تیار کرائے۔ اپنے اس مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے انھوں نے بڑی خوبصورت بات لکھی: '... وقت کے قیمتی سرمایے کو بچانا، ضرورت مندوں کو ضروری اطلاع بہم پہنچا دینا اور متعلقہ علم و فن میں حق و صداقت کے متلاشی کی براہ راست اور بہ عجلت مدد کرنا اس قسم کے اشاریوں سے میرا مقصد رہا ہے۔' بیدار صاحب کی تحریک کو کامیابی ملی اور گذشتہ چند برسوں میں آج کل، ایوان ارو، الرشاد، اسلام اور عصر جدید وغیرہ بہت سے رسالوں کے اشاریے شائع ہوئے ہیں۔ انڈین کونسل آف سوشل سائنس ریسرچ کے جنوبی ہند کے علاقائی مرکز حیدرآباد سے سماجی علوم کے مضامین کے ایک اشاریے کا نیم طباعتی شکل میں سلسلہ شروع ہوا ہے لیکن وہ عام طور پر دستیاب نہیں ہے۔

جیسا کہ اوپر ذکر ہوا کہ رسالہ جامعہ کا ایک اشاریہ خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ سے ۱۹۹۵ء میں چھپا تھا۔ اسے شعائراللہ خاں نے اپنے دو رفقائے کار کی مدد سے مرتب کیا ہے۔ اشاریہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ اشاریے کا متن ہے جس میں شماروں کے جملہ مندرجات کو ادب، اخلاقیات، تاریخ، تذکرہ، کتب خانے، اور ہندوستانی مسلمان جیسی چند موضوعی سرخیوں کے تحت ان کو الفبائی ترتیب سے درج کیا گیا ہے۔ کسی ایک سرخی کے تحت مقالات، افسانے، کہانیاں وغیرہ کو ایک الفبائی تسلسل میں درج کیا گیا ہے۔ مضمون کی نشان دہی کے لیے جلد و شمارہ نمبر، سن و مہینہ کی تفصیل دی گئی ہے۔ لیکن صفحات کے نمبر شمار نہیں دیے گئے ہیں۔ صفحات کے نمبر شمار نہ ہونے کی وجہ سے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ مضمون مذکور محض مختصر نوٹ کی شکل میں ہے یا موضوع پر مفصل بحث ہے۔ موضوعی سرخیاں بھی مضامین کا صحیح طور پر احاطہ نہیں کر پائی ہیں۔ تذکرہ کے تحت خاکے اگر ادیب کے ہیں تو ادب کے تحت اور اگر مورخ کے ہیں تو تاریخ کے تحت درج کرنا زیادہ مناسب تھا۔ اشاریے کا دوسرا حصہ مصنفِ اشاریہ ہے جس میں مصنف کے نام کے سامنے متنِ اشاریہ میں اس کے مضمون کا نمبر درج کیا گیا ہے۔

رسالہ جامعہ کا دوسرا اشاریہ فرزانہ بے بی نے اپنے پی ایچ ڈی تھیسس کے طور پر مرتب کیا ہے۔ انھوں نے متن اشاریہ کو آٹھ موضوعی عنوانات کے تحت تقسیم کیا ہے۔ جن کے نام شذرات، تعلیمی مضامین، تاریخی مضاین، تہذیبی مضامین، سیاسی مضامین، شخصی مضامین اور ادبی مضامین ہیں۔ ہر عنوان کے تحت پہلے مضامین عنوانات کی الفبائی ترتیب میں درج ہیں اس کے بعد چند مضامین پر وضاحتی انداز سے چند سطری نوٹ ہیں۔ لیکن شذرات کا اندراج الفبائی ترتیب کے برعکس تاریخ وار ہے۔ اشاریہ میں مصنفِ اشاریہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کی حوالجاتی افادیت کم ہوجاتی ہے۔ موضوعی عنوانات بھی مضامین کی وضاحت نہیں کرتے۔ مثال کے طور پر شذرات، ادب، سیاست، تہذیب و تاریخ کسی بھی موضوع پر ہوسکتا ہے۔ لیکن بذاتِ خود کوئی موضوع نہیں ہے۔ اسی طرح شخصی مضامین کے تحت پستالوزی پر درج مضمون کو تعلیمی مضامین کے تحت ہونا چاہیے تھا۔ دراصل شخصی مضامین کو بھی سیاسی، تاریخی، ادبی مضامین وغیرہ کے عنوانات کے تحت فرد کے دائرہ اختصاص کے مطابق درج کرنا زیادہ مناسب تھا۔ شعری تخلیقات کا اندراج

نظموں کے عنوانات سے کیا گیا ہے۔ اگرچہ عنوانات کی جگہ تخلص کے اعتبار سے درج کرنا زیادہ صحیح تھا۔

مذکورہ بالا دونوں اشاریے رسالے کے دورِ اوّل یعنی ۱۹۲۳ تا ۱۹۴۷ء تک شائع شدہ مندرجات کا احاطہ کرتے ہیں۔ رسالہ جامعہ کا ایک اشاریہ محفوظ الرحمان خاں سابق ڈپٹی لائبریرین ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری نے بھی مرتّب کیا تھا جس میں ۱۹۸۹ء تک کے مندرجات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ لیکن کسی وجہ سے وہ اشاریہ شائع نہیں کیا جاسکا۔ پیش نظر اشاریہ تیسرا مطبوعہ اشاریہ ہے جو اپنی ترتیب کے اعتبار سے ان سب سے مختلف ہے۔ اس اشاریے میں ۱۹۲۳ء سے جنوری ۱۹۹۴ء تک کے مطبوعہ شماروں کے مکمل مندرجات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ فروری ۱۹۹۴ء سے رسالے کے مندرجات کا انداز بھی بدل گیا ہے اور وقفۂ اشاعت بھی۔ اس کے لئے ایک ضمیمہ تیار کیا گیا ہے جو اشاریے کا حصہ چہارم ہے۔ اس طرح یہ رسالہ جامعہ کا ۱۹۲۳ تا ۲۰۰۴ء تک کا مکمل اشاریہ ہے۔

رسالہ جامعہ کا یہ اشاریہ چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصہ رسالہ جامعہ کی طباعتی تفصیلات پر مشتمل ہے دوسرے حصے میں مدیروں کی تفصیل اور اس کے عنوانات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ تیسرا حصہ متنِ اشاریہ ہے جس کو مقالات، شذرات، تعلیمی دنیا، افسانے وغیرہ، شعری تخلیقات، کوائف جامعہ، اور وفیات کے عنوانات کے تحت مرتب کیا گیا ہے۔ چوتھا حصہ ضمیمہ اشاریہ برائے ۱۹۹۴ء تا ۲۰۰۴ء ہے۔

شذرات مدیر کے خیالات کی ترجمانی کرتے ہیں اور ان کے تحت افراد اور واقعات پر علمی، سماجی اور ادبی وغیرہ موضوعات پر اظہار خیال ہوتا ہے۔ اشاریے کا سب سے اہم مقصد کسی موضوع پر موجود مواد کی نشان دہی ہوتا ہے اس لیے شذرات کے اشاریے کو مدیر کے نام کی الفبائی ترتیب میں درج کرنے کے بجائے موضوعی سرخیوں کے تحت مرتب کیا گیا ہے تا کہ کسی ایک موضوع پر رسالے میں موجود جملہ مواد کی نشان دہی ہو جائے۔ کون سا اداریہ کس نے لکھا، اس کی شناخت کے لئے مدیر کا نام بھی دیا گیا ہے، اس کے علاوہ ایک اشاریۂ مدیر مرتب کیا گیا ہے جس میں مدیر کے نام کے سامنے اس کے جملہ شذرات کے نمبر اندراج دیئے گئے ہیں۔

مقالات کا اشاریہ مصنف کے نام کی الفبائی ترتیب پر مرتب ہے۔ لیکن کسی ایک موضوع پر جملہ مواد کی نشان دہی کے لیے ایک موضوعی اشاریہ موضوع کی سرخی اور اشاریہ مصنف میں دیے گئے نمبر اندراج کی مدد سے مرتب کیا گیا ہے۔ کچھ مقالے انگریزی، جرمن، ترکی، عربی اور فارسی زبانوں سے ترجمہ ہوئے ہیں جب کہ چند دوسرے مضامین کی شکل میں نہیں لکھے گئے تھے بلکہ کسی نے اسے مرتب کر کے مضمون کے طور پر شائع کرایا ہے۔ ہر دو صورتوں میں انہیں مصنف کے نام کے تحت درج کرنے کے علاوہ ایک اشاریہ مترجمین اور مرتبین، علاحدہ سے مرتب کیا گیا ہے۔

'تعلیمی دنیا' یا 'تعلیمی مسائل' کے عنوان کے تحت مختلف شماروں میں جائزے دو یا تین ماہرین تعلیم نے پیش کیے ہیں۔ اکثر صورتوں میں یہ تعلیم سے متعلق پیش رفت کے جائزے ہیں۔ ایک ہی جائزے میں تعلیم کے کئی پہلوؤں کو پیش کیا گیا ہے، کئی ملکوں کا ذکر ہے اس لیے اسے موضوعی سرخیوں کے تحت موضوعی اشاریہ کے طور پر مرتب کیا گیا ہے تا کہ کسی ایک موضوع سے متعلق سب جائزوں کی نشان دہی ہو سکے۔

تعلیمی مسائل ہی کی طرح حالات حاضرہ کا جائزہ بھی چند مخصوص ماہرین نے سلسلہ وار پیش کیا ہے۔ اس کی تفصیل جامعہ کے عنوانات کے تحت دی گئی ہے۔ چوں کہ یہ جائزے مُلکوں کے داخلی اور خارجی معاملات یا معاشی و سیاسی صورت حال پر مبنی ہیں اس لیے ان کا اشاریہ جغرافیائی خطوط پر مُلکوں کے نام کے تحت مرتب کیا گیا ہے۔ ہر ملک کے نام کے نیچے چند بڑی سرخیوں کی مدد سے ملکوں کے متعلق خبروں کو ترتیب دیا ہے۔

احوال و کوائف جامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہونے والے انتظامی، تعلیمی، علمی، ادبی اور ثقافتی واقعات اور سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ جامعہ نگر اور شہر دہلی کی علمی اور ثقافتی سرگرمیوں کا بھی احاطہ کرتا ہے۔ کوائف جامعہ کا عنوان اشاعت کے دوسرے دور میں اپنایا گیا تھا۔ اس سے پہلے اس طرح کی سرگرمیوں کا ذکر شذرات میں کیا جاتا تھا۔ اشاریے میں ان سب کو کوائف جامعہ کے تحت ہی درج کیا گیا ہے۔ جملہ کوائف کو ۱۶ زمروں میں تقسیم کر کے انتظامی سرگرمیوں کو منتظمہ ڈھانچے سے مطابقت رکھتے ہوئے مرتب کیا گیا ہے جب کہ تعلیمی سرگرمیوں کو

شعبہ جات کے ناموں کے تحت درج کیا گیا ہے۔ جہاں تک ممکن ہوسکا ہے الفبائی ترتیب اپنائی گئی ہے لیکن اگر ایک جیسی خبروں کا اعادہ ہے تو انہیں تاریخ وار درج کیا گیا ہے۔

ادبی تخلیقات میں نثری حصہ مصنف وار الفبائی ترتیب میں ہے اور شعری تخلیقات شاعر کے تخلص کے تحت درج کی گئی ہیں۔ غزل مصرعہ اولی کی ردیف کی ترتیب میں درج کی گئی ہے اور رباعی اور قطعہ کے لیے صرف پہلے مصرعہ کو ترتیب کے لیے اپنایا گیا ہے۔ اشاریہ وفیات مرحومین کے ناموں کی ترتیب میں درج کیا گیا ہے۔ مارچ ۱۹۹۴ء سے رسالے کے چند مستقل عنوانات کی جگہ دوسرے غیر مستقل عنوانات قائم ہوئے ہیں اس لیے ضمیمے میں ان کو اشاریہ، اداریہ، مضامین، تبصرہ اور تخلیقی ادب کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔

ابتدائیہ ختم کرنے سے پہلے میں اُن تمام معاونین کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جن کے تعاون سے اشاریہ طباعت کی منزل تک پہنچا ہے۔ ان معاونین میں سرفہرست نام میری بیٹی شگفتہ یاسمین اور کتب خانے میں میری رفیق کار عامرہ افضال ہیں جنہوں نے اشاریہ سازی کے لیے تمام کارڈ تیار کیے ہیں۔ کتب خانے کے دوسرے رفقاء میں فہیم الدین صاحب، محمد اختر صاحب اور پرویز صاحب نے نہایت خوشدلی سے میری ضرورت کا مواد مجھے فراہم کیا جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔ ضمیمے کی تیاری میں میرے عزیز شاگرد اور لائبریرین مرکزی اسلامی لائبریری، نئی دہلی، تنویر عالم آفاقی نے نہایت تندہی اور خلوص سے میری مدد کی ہے۔ اشاریہ مرتب کرنے کا کام یوں تو ایک عرصے سے چل رہا تھا لیکن اس میں برق رفتاری اس وقت آئی جب سابق شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ جناب سید شاہد مہدی نے اسے رسالہ جامعہ کے منتخب مضامین کے اشاعتی پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری عنایت فرمائی اور ان کی اس کرم فرمائی کا شکریہ ادا کرنا میرا خوش گوار فرض ہے۔ پروفیسر اختر الواسع صاحب اعزازی ڈائرکٹر ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز نے اشاریے کی کمپوزنگ کے کام کو جس دل چسپی اور خوش اخلاقی کے ساتھ ممکن بنایا اس کے لیے میں نہ صرف ان کا ممنون ہوں بلکہ یہ اعتراف کرتا ہوں کہ اگر ان کا مخلصانہ تعاون نہ ملتا تو ممکن ہے اس اشاریے کی اشاعت کی

غیر یقینی صورت ختم نہ ہو پاتی۔ اشاریہ سازی بقول محمد عتیق صدیقی مرحوم تحقیق کی ایک اہم شاخ ہے اور تحقیق کے کام میں جس انہماک کی ضرورت ہوتی ہے اسے میرے لیے ممکن بنانے میں میری اہلیہ نے خاصی مدد کی ہے اس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔ اشاریے کی ترتیب میں میری کوشش رہی ہے کہ اشاریہ محققین کے لیے تلاشِ مواد کے سلسلے میں رہنمائی کے قابل ہو سکے، لیکن پھر بھی اگر قارئین کو اس میں کوتاہیاں نظر آئیں تو اس کے لیے میں معذرت چاہوں گا۔

شہاب الدین انصاری

رسالہ جامعہ کی اشاعت
پس منظر

رسالہ جامعہ کا پہلا شمارہ جنوری ۱۹۲۳ء میں علی گڑھ سے نورالرحمٰن صاحب کی ادارت میں نکلنا شروع ہوا۔ افتتاحیہ میں اشاعت کی غرض و غایت بتاتے ہوئے نورالرحمٰن صاحب نے لکھا: 'ہر دارالعلوم کی قدیمی سنت ہے کہ اس کا ایک مخصوص علمی رسالہ ہو۔ لیکن جامعہ کے سلسلے میں اس وقت تک ضروری نہیں سمجھا گیا کہ طلبہ کے علمی ذوق، مشاغل تصنیف و تالیف کی مقبولیت اور جامعہ کی علمی زندگی کی تدریجی ترقی کے ساتھ خود رسالے کا وجود بھی مسئلہ ارتقاء کے عالمگیر اثر میں پیدا نہ ہو جائے۔ چناں چہ ایک سال تک طلبائے جامعہ اپنے رسالہ جوھر کو قلمی نکالتے رہے اور اس طرح وہ تمام اسباب جو ایک علمی رسالے کی اشاعت کے لیے ناگزیر ہوتے ہیں خود ہی فراہم ہو گئے۔' طلبہ کے علمی ذوق کی پختگی کا اندازہ پہلے شمارے میں شامل مضامین سے بخوبی ہو جاتا ہے۔ چناں چہ 'بین الاقوامی سیاست جیسے پیچیدہ اور وسیع دائرہ موضوع پر' یوسف حسین، 'جرمنی پر پہلی جنگ عظیم کے سلسلے میں عائد تاوان جنگ' پر شفیق الرحمٰن قدوائی اور ہندوستانی تعلیم پر ٹیگور کے مضامین کا سعید انصاری کے ذریعہ ترجمہ، پہلے شمارے کے چند مضامین ہیں، اسی طرح دوسرے شمارے میں شامل مضامین میں بھی نصف مضامین جامعہ کے طلبہ کے لکھے ہوئے ہیں۔

اشاعتی زندگی کے ابتدائی دنوں میں جامعہ ملیہ کی مالی مشکلات نے رسالے کی اشاعت پر بھی اثر ڈالا۔ مئی تا اگست ۱۹۲۴ء کا شمارہ جولائی - اگست کے شمارے کی شکل میں شائع کیا گیا۔ ۱۹۲۵ء میں

مارچ سے اگست تک کوئی شمارہ منظرِ عام پر نہیں آیا۔ اپریل تا ستمبر ۱۹۲۵ء کے شمارے میں اس کی وضاحت کرتے ہوئے شذرات میں لکھا گیا: 'پانچ چھ مہینے جامعہ کے متعلقین کو جن دشواریوں کا سامنا رہا اس کا اثر رسالے پر پڑا، اور مارچ کے بعد سے اگست تک رسالہ نہیں نکل سکا لیکن حالات کی سختی نے اراکینِ جامعہ کے پائے استقلال میں لغزشیں نہیں آنے دیں۔' اسی نوٹ میں ہمیں یہ جملے بھی ملتے ہیں 'جامعہ کے شاندار مستقبل کے ساتھ ہمیں رسالہ جامعہ سے بڑی امیدیں قائم ہیں۔' یہ وہ دور تھا جب ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈاکٹر سید عابد حسین اور پروفیسر محمد مجیب اپنی تعلیم کے سلسلے میں علوم وفنون کے جدید رجحانات کے مرکز جرمنی میں تھے۔ ان کی بدولت رسالے کو ایسے مواقع حاصل تھے کہ اس میں علوم کے جدید رجحانات اور عصری حالات کے جائزے جیسے مضامین شائع ہو سکیں۔ رسالے کی یہ صفت اسے اپنے معاصرین میں ممتاز حیثیت کا مستحق بنا دیتی تھی۔ جولائی ۱۹۲۷ء کے شذرات میں اس خصوصیت کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا:۔ 'جامعہ ایک بڑی تعلیمی ضرورت کو پورا کر رہا ہے کیوں کہ ہندوستان کی علمی اور سرکاری زبان انگریزی ہونے کی وجہ سے سیاست حاضرہ اور علوم جدیدہ سے متعلق اچھے مضامین اسی زبان میں نکلتے ہیں اردو داں پبلک ان سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتی۔'

اپنے معروضی انداز کی بدولت رسالہ جامعہ کے مضامین اکثر معاصرین کی تنقیدوں کا نشانہ بنتے تھے۔ نومبر ۱۹۲۸ء کے شمارے میں ایک مضمون ابن عباس پر شائع ہوا تھا۔ معارف (اعظم گڑھ) اور سچ (لکھنؤ) نے اپنے اداریوں میں اس مضمون پر سخت تنقیدی فقرے لکھے۔ مدیر رسالہ جامعہ (ڈاکٹر سید عابد حسین) نے پہلے تو چند نامناسب فقروں کے لیے معذرت کے کلمات لکھے لیکن فوراً بعد اپنے شگفتہ انداز میں طنز کرتے ہوئے لکھتے ہیں: 'عجیب بات ہے کہ دونوں نقادوں (سید سلیمان ندوی او رمولانا عبدالماجد دریابادی) نے اس سے دو مختلف فائدے حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ مدیر سچ کو تو مجھ سے عناد ہے اس لیے اس موقع پر میرے عقیدے کی توہین سے اپنے ایمان کی پختگی کا اظہار کر کے قلب کی تشفی فرمائی ہے اور مدیر معارف نے اس ایک غلطی پر مغربی یونیورسٹی کے عربی تعلیم یافتہ افراد کے جملہ حقوق تحقیق ضبط کر کے مشرقی مدارس کے طلبہ کے حوالے کر دیئے ہیں۔'

رسالے کو خوب سے خوب تر بنانے کی سعی میں مدیران جامعہ قارئین سے مشورہ بھی لیتے رہتے تھے لیکن مشورہ طلب کرنے کے ساتھ یہ بھی واضح کرتے تھے کہ مشورہ دینے میں قارئین کے لیے

اس بات کا لحاظ رکھنا مناسب ہوگا کہ رسالے کا معیار کسی طرح کم نہ ہونے پائے بلکہ جہاں تک ممکن ہو بڑھے، علمی مضامین پر توجہ کے ساتھ ادبی مضامین کے معیار کو بلند کرنے کی سعی، مدیران کے نزدیک ایک مشن کا درجہ رکھتی تھی۔ رسالے کے ہر شمارے میں ایک افسانہ ضرور شامل ہوتا تھا۔ یہ اکثر کسی معروف یورپی ادیب کے افسانے کا ترجمہ ہوا کرتا تھا۔ ترجموں کی قدر و قیمت سے صرف نظر کیے بغیر ہندوستان میں سماجی زندگی سے متعلق طبع زاد افسانے لکھوانے کی غرض سے افسانہ نویسی کے مقابلے کرائے جاتے تھے۔ کتابوں پر تبصرے ماہرینِ مضامین سے ہی کرائے جاتے اور کتابوں کو تبصرے کے لیے دہلی سے باہر بھی بھیجا جاتا تھا۔ اکتوبر ۱۹۳۱ء سے 'عالم اسلامی اور دوسرے بیرونی ممالک کے اہم واقعات پر اہم تبصرے' کے عنوان سے ایک نیا فیچر شروع کیا گیا۔ ان تبصروں کے لیے منتخب مبصرین نہ صرف سیاسیات اور دوسرے سماجی علوم کا صحیح ذوق رکھتے تھے بلکہ انگریزی اور دوسری یورپی زبانوں میں شائع مضامین سے اپنے مسلسل مطالعے کی بدولت باخبر رہتے تھے۔

اردو کو ایک علمی زبان کی حیثیت سے فروغ دینے کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں شعبۂ تصنیف و تالیف قائم کیا گیا۔ کچھ عرصے بعد اس کا نام اردو اکادمی رکھ دیا گیا۔ اکادمی کے ماہانہ جلسے میں کسی معروف عالم کو تقریر کے لیے مدعو کیا جاتا اور تقریر کا متن قسط وار رسالے میں شائع کیا جاتا تھا۔ رسالے کے معیار کو بہتر بنانے اور اس میں شامل ہونے والے مضامین کو بہتر ڈھنگ سے پیش کرنے کے لیے ترتیب مضامین میں نئے تجربات بھی کیے جاتے تھے۔ ۱۹۳۳ء کے دسمبر کے شمارے کے اداریے میں قارئین کو مطلع کیا گیا کہ جنوری ۱۹۳۴ء سے رسالہ نئی ترتیب سے شائع کیا جائے گا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈاکٹر سید عابد حسین، مولانا اسلم جیراجپوری، پروفیسر محمد مجیب اور ڈاکٹر عبدالعلیم احراری پر مشتمل مجلس ادارت کی تشکیل کی گئی۔ سال کے بارہ شماروں کو اسلامیات، اجتماعیات اور ادبیات کے تحت چار چار شماروں کے اعتبار سے تقسیم کیا گیا۔ پہلے ایک شمارہ اسلامیات پر دوسرا اجتماعیات پر اور تیسرا ادبیات پر شائع کیا گیا۔ اسی طرح دوسرا اور پھر تیسرا دور مکمل ہوا۔ غالباً یہ تجربہ کچھ کامیاب نہیں رہا، کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ جنوری ۱۹۳۵ء سے شماروں میں مضامین کی ترتیب پھر سے پرانے انداز پر ہونے لگی۔ دسمبر ۱۹۳۸ء کے شذرات میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یوم تاسیس پر رسالے کا سالگرہ نمبر شائع کرنے کا ذکر ملتا ہے۔ اس نمبر میں ہندوستان میں مسلمانوں کی تعلیم سے متعلق تحریکوں کے جائزے کو پیش کرنے

کی تجویز تھی۔ سالگرہ نمبر میں جامعہ ملیہ اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، دارالعلوم ندوۃ العلماء، جامعہ عثمانیہ حیدرآباد اور دارالعلوم دیوبند پر مضامین ہیں۔ لیکن یہ تجربہ بھی دیرپا ثابت نہ ہوسکا۔ رسالہ جامعہ کی اشاعت کے پہلے دور کا آخری شمارہ جولائی ۱۹۴۷ء میں شائع ہوا۔

۱۹۴۷ء کی شکست وریخت نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کو بھی انتہائی درجہ متاثر کیا۔ رفقاء کا ایک طبقہ جن کا وطن پنجاب، سرحدی صوبہ یا صوبہ سندھ تھا، پاکستان مراجعت کر گیا۔ ذاکر صاحب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی تعمیر نو میں مصروف ہوگئے اور حالات کے سختی کے باعث جامعہ کی اشاعت بند ہوگئی۔ آزاد ہندوستان میں حکومت کی سرپرستی کے بغیر اب جامعہ ملیہ کا باقی رہنا مشکل نظر آنے لگا۔ جامعہ ملیہ کے سامنے ایک بڑا سوال یہ تھا کہ اسے کس طرح کی یونیورسٹی بنایا جائے۔ پہلے اسے زرعی یونیورسٹی بنانے کے خیال سے رورل انسٹی ٹیوٹ قائم کیا گیا۔ بنیادی تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی ترتیب کے کام کو زیادہ اہمیت دی گئی۔ آزادی کے ساتھ خلاف توقع رسالہ جامعہ کی اشاعت کے لیے امید کی ایک کرن ۱۹۶۰ء میں چمکی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین، جو اب بہار کے گورنر تھے، ان کے کسی شیدائی نے دو ہزار روپے یہ کہہ کر دیئے کہ وہ اسے سماجی بہبود کے کسی کام میں صرف کردیں۔ جامعہ ملیہ کے حالات سے ذاکر صاحب سے زیادہ کون واقف تھا؟ انھوں نے وہ رقم مجیب صاحب کو بھجوا دی۔ رسالہ جامعہ کی اشاعت کے لیے مالی وسائل کے جو سوتے سوکھ گئے تھے دوبارہ پھوٹ پڑے۔ اس رقم سے رسالہ جامعہ کو دوبارہ شائع کرنے کا سلسلہ چل نکلا۔ عبداللطیف اعظمی صاحب نے جو ان دنوں مجیب صاحب کے ساتھ کام کرتے تھے، اپنی انتظامی اور علمی صلاحیتوں کے بل بوتے پر مجیب صاحب کی رہنمائی میں رسالہ شائع کرنے کی جملہ انتظامی ذمہ داریوں کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھالیا۔ کندھے جو بظاہر کمزور نظر آتے تھے عملی طور پر آہنی ثابت ہوئے۔ ادارتی نگرانی کے لیے پروفیسر محمد مجیب، ڈاکٹر سید عابد حسین، پروفیسر سلامت اللہ اور پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی۔ نومبر ۱۹۶۰ء میں رسالہ جامعہ کے دوسرے دور کا پہلا شمارہ منظر عام پر آیا۔ اس میں شذرات کے تحت پروفیسر محمد مجیب نے اگست ۱۹۴۷ء سے اکتوبر ۱۹۶۰ء تک رسالہ سالانہ شائع کیے جانے کے عوامل پر روشنی ڈالی اور رسالے کی غرض و غایت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا: 'اس کی حیثیت علمی اور ادبی رہے گی لیکن مضامین ۔۔۔ بات میں اس کا خیال رکھا جائے گا کہ صرف مخصوص دلچسپیاں رکھنے والوں کے لیے نہ

ہوں بلکہ ایسے ہوں جو زندگی کے اہم مسائل کی جانب توجہ دلائیں۔ رسالہ جامعہ کا یہ مقصد کبھی نہیں رہا کہ وہ خاص عقائد کی تبلیغ کرے۔ اس نے ایسی جانب داری سے پرہیز کیا جس کی وجہ سے کسی کو موافق یا مخالف قرار دیا جاسکے اور ایسی جانب داری سے بھی کہ اس کے مضمون نگار کوئی ایسی رائے ظاہر نہ کرسکیں جس سے اختلاف کرنے والے بہت ہوں۔ اس نئے دور میں ہمارا یہی مسلک رہے گا۔'

نومبر ۱۹۶۰ء کے شمارے کو ۱۹۴۷ء کے آخری شمارے کی جلد نمبر کے تسلسل کی خاطر جلد ۴۵ کا پہلا شمارہ لکھا گیا اور یہ جلد اکتوبر ۱۹۶۱ء کے شمارے کے ساتھ مکمل ہوگئی۔ اگلی جلد کا پہلا شمارہ نومبر ۱۹۶۱ء کا تھا لیکن رسالے کو پرانی روش اشاعت پر لانے کی غرض سے جون ۱۹۶۲ء (شمارہ نمبر ۸) کے ساتھ جلد نمبر ۴۶ مکمل کردی گئی اور جولائی ۱۹۶۲ء سے جلد نمبر ۴۷ شروع کی گئی۔

اشاعت کے دوسرے دور کے دوسرے شمارے میں شذرات کے تحت بیگم قدسیہ زیدی کے انتقال پر ایک تعزیتی نوٹ ہے جس کے نیچے لفظ 'ادارہ' تحریر ہے۔ تیسرے شمارے سے شذرات کی جگہ پر دو نئے عنوانات، 'کوائف جامعہ' اور 'حالات حاضرہ' قائم کیے گیے۔ کوائف جامعہ میں عام طور پر جامعہ ملیہ میں ہونے والی علمی، ادبی اور سماجی سرگرمیوں نیز اشخاص جامعہ سے متعلق خبروں کا اندراج ہوا تھا۔ حالات حاضرہ پر لکھنے کے لیے 'روزنامہ قومی آواز' کے اڈیٹر عشرت علی صدیقی کی خدمات حاصل کی گئیں۔ مئی ۱۹۶۴ء میں پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی رسالہ جامعہ کے مدیر ہوئے اور شذرات لکھے جانے کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا۔ اب 'شذرات'، 'مقالے'، 'کوائفِ جامعہ'، 'حالات حاضرہ' اور 'نئی مطبوعات' پر تبصرہ رسالہ جامعہ کے مستقل عنوانات قرار پائے۔

نومبر ۱۹۸۸ء تک رسالہ **جامعہ** کی اشاعت کی ذمہ داری **جامعہ ملیہ اسلامیہ** کے مرکزی دفاتر پر تھی اگرچہ رسالے کی ترتیب ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز میں ہوتی تھی کیوں کہ پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی اپنی تدریسی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ انسٹی ٹیوٹ کے اعزازی ڈائریکٹر بھی تھے۔ پروفیسر فاروقی کے جامعہ ملیہ کی ملازمت سے سبک دوش ہونے پر ڈاکٹر سید جمال الدین انسٹی ٹیوٹ کے اعزازی ڈائرکٹر ہوئے اور رسالہ **جامعہ** کی ادارت بھی انہیں کے ذمے ہوگئی۔ اب اشاعت کی ذمہ داری بھی انسٹی ٹیوٹ ہی نے سنبھالی۔ اس طرح دسمبر ۱۹۸۸ء سے رسالہ **جامعہ** ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز سے شائع ہونے لگا۔ ڈاکٹر جمال الدین ۱۹۸۹ء تا ۱۹۹۲ء کے وقفہ کے ساتھ اکتوبر ۱۹۹۴ء تک رسالے کے مدیر رہے۔ نومبر ۱۹۹۴ء سے پروفیسر شمیم حنفی نے ادارت کی ذمہ

داری سنبھالی اور جامعہ میں شائع مواد کی ترتیب اور عنوانات کا انداز ایک بار پھر بدل گیا۔

مدت اشاعت کے اعتبار سے رسالہ جامعہ اردو کے علمی اور ادبی رسائل میں معارف (اعظم گڑھ) کے بعد غالباً سب سے قدیم رسالہ ہے جو ۱۹۲۳ء سے آج تک (درمیان کے ۱۳ سال کے وقفہ کے ساتھ) پابندی سے شائع ہو رہا ہے۔ پہلے اس کی شاعت کی ذمہ داری جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبۂ تصنیف و تالیف کی تھی۔ علی گڑھ سے شائع ہونے والا آخری شمارہ مارچ ۱۹۲۵ کا تھا۔ ۱۹۲۷ء میں اس شعبے کو اردو اکادمی کا نام دیا گیا اور اب رسالہ 'اردو اکادمی کا ماہانہ رسالہ' ہوگیا۔ یہ صورت ۱۹۳۴ء تک رہی۔ اس کے بعد ۱۹۳۵ء سے ناشر کا نام جامعہ ملیہ اسلامیہ ہوگیا۔ ۱۹۳۹ء کے شمارے پر ناشر کے نام کی جگہ 'ادارہ اجتماعیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا ماہوار رسالہ' لکھا گیا۔ ۱۹۴۰ء سے رسالہ 'مکتبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ' کی طرف سے شائع ہونا شروع ہوا، اور جولائی ۱۹۴۷ء تک اس کی اشاعت کی ذمہ داری 'مکتبہ جامعہ' پر رہی۔

اشاعت کے پہلے برس ایک جلد چھے شماروں پر مشتمل رکھی گئی۔ لیکن ۱۹۲۴ء اور ۱۹۲۵ء میں جلد اور شمارہ نمبر لکھنے میں بڑی بے قاعدگی رہی۔ ۱۹۲۶ء میں جلد نمبر ۶ سے جو جنوری تا جون پر مشتمل تھی، دوبارہ چھے شماروں پر جلد مکمل کی جانے لگی۔ یہ سلسلہ دسمبر ۱۹۳۳ء (جلد نمبر ۲۱) تک چلا۔ ۱۹۳۴ء اور ۱۹۳۵ء میں یہ پالیسی بدل دی گئی لیکن ۱۹۳۶ء تا ۱۹۴۳ء (۱۹۴۰ء کے استثناء کے ساتھ) جلدیں دوبارہ ۶ شماروں پر مکمل کی گئیں۔ ۱۹۴۴ء سے جولائی ۱۹۴۷ء کے درمیان کبھی تو اشاعت کچھ مدت کے لیے ملتوی رہی، کبھی دو سال تک جلد نمبر نہیں بدلا گیا، یہاں تک پہلا دورِ اشاعت اختتام کو پہنچ گیا، دوبارہ اشاعت کے شروع کے دو سالوں میں جلد اور سال کا تال میل بگڑا رہا۔ جولائی-دسمبر ۱۹۱۲ء (جلد نمبر ۴۷) سے دوبارہ (۱۹۶۴ء کے استثناء کے ساتھ) دسمبر ۱۹۷۵ء تک رسالہ ۶ شماروں پر مشتمل جلد کی روایت کے مطابق شائع ہوا، لیکن ۱۹۷۶ء سے ایک جلد ۱۲ شماروں پر مکمل کی گئی اور یہ روش دسمبر ۱۹۹۴ء تک رہی جنوری ۱۹۹۵ء سے رسالے کی ماہانہ اشاعت کا سلسلہ ختم ہوگیا۔

پہلا حصہ

جدول اشاعتی تفصیلات

سنِ اشاعت	ماہِ اشاعت	جلد نمبر	شمارہ نمبر	کیفیت
۱۹۲۳	جنوری۔جون	۱	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۲	۱۔۶	
۱۹۲۴	جنوری۔مارچ	۳	۱۔۳	تین شماروں پر جلد مکمل ہوئی۔
"	اپریل	۴	۴	
"	مئی۔جون	۴	۵۔۶	
"	جولائی۔اگست	۴	۷۔۸	
"	ستمبر	۴	۹	جلد ۴ مکمل کی گئی۔
"	اکتوبر	۵	۱۰	شمارہ نمبر تسلسل قائم جلد نمبر تبدیل۔
"	نومبر	۶	۱۱	" " "
"	دسمبر	۴	۶	دونوں تبدیل۔
۱۹۲۵	جنوری۔مارچ	۵	۱۔۳	تین شمارے یکجا جلد نمبر ۵ دوبارہ ڈالا گیا۔
"	اپریل۔اگست			اشاعت معطل رہی۔
"	ستمبر	۵	۹	دہلی سے پہلا شمارہ شائع ہوا۔
"	اکتوبر۔دسمبر	۵	۱۰۔۱۲	جلد نمبر ۵ مکمل۔
۱۹۲۶ تا	جنوری۔جون	۶		

۱۹۳۳	جولائی۔دسمبر	۲۱	۱۔۶	ہر چھے شماروں پر ایک جلد مکمل ہوئی۔
۱۹۳۴	جنوری۔دسمبر	۱	۱۔۱۲	مضامین کی ترتیب کا ایک نیا انداز اپنایا گیا۔
۱۹۳۵	جنوری۔جون	۲۴	۱۔۶	جلد مکمل۔
"	جولائی۔دسمبر	۲۵	۷۔۱۲	جلد مکمل مگر شماروں کے نمبروں میں تسلسل رہا۔
۱۹۳۶	جنوری۔جون	۲۶	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۲۷	۱۔۶	
۱۹۳۷	جنوری۔جون	۲۸	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۲۸	۱۔۶	چھے شماروں پر جلد مکمل ہوئی لیکن جلد نمبر نہیں بدلا۔
۱۹۳۸	جنوری۔جون	۲۹	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۳۰	۱۔۶	
۱۹۳۹	جنوری۔جون	۳۱	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۳۲	۱۔۶	ادارہ اجتماعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا رسالہ۔
۱۹۴۰	جنوری۔جون	۳۳	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۳۳	۷۔۱۲	شماروں پر نمبر تسلسل میں رہا اور جلد نمبر بھی نہیں تبدیل ہوا۔
۱۹۴۱	جنوری۔جون	۳۴	۱۔۶	
تا				چھے ماہ پر جلد مکمل ہوتی رہی اور یہ سلسلہ جلد نمبر ۳۹ جولائی۔دسمبر تک قائم رہا۔
۱۹۴۳	جولائی۔دسمبر	۳۹	۱۔۶	
۱۹۴۴	جنوری۔ستمبر			اشاعت معطل رہی۔
۱۹۴۴	اکتوبر۔دسمبر	۴۰	۱۔۳	
۱۹۴۵	جنوری۔ستمبر	۴۰	۴۔۱۲	جلد نمبر تبدیل نہیں ہوا شماروں کا نمبر ایک تسلسل میں رہا۔
۱۹۴۵	اکتوبر۔دسمبر	۴۱	۱۔۳	

۱۹۴۶	جنوری۔جون	۴۱	۴۔۹	دونوں برس جلد نمبر تبدیل نہیں ہوئے اور شماروں پر نمبر ایک تسلسل میں رہا۔
۱۹۴۶	جولائی۔دسمبر	۴۲	۱۔۵	اس جلد میں صرف پانچ شمارے شائع ہوئے۔
۱۹۴۷	جنوری۔جولائی۔	۴۴	۱۔۷	جلد نمبر ۴۳ کسی جلد پر نہیں ڈالا گیا اور اشاعت جولائی کے شمارے کے ساتھ بند ہوگئی۔

اشاعت دورِ دوم

۱۹۶۰	نومبر۔دسمبر	۴۵	۱۔۲	دورِ ثانی میں شمارہ نمبر دورِ اول کے تسلسل سے ڈالا گیا۔
۱۹۶۱	جنوری۔جون	"	۳۔۸	
"	جولائی۔اکتوبر	"	۹۔۱۲	جلد مکمل ہوئی۔
۱۹۶۱	نومبر۔دسمبر	۴۶	۱۔۲	
۱۹۶۲	جنوری۔جون	"	۳۔۸	جلد مکمل ہوئی۔
۱۹۶۲	جولائی۔دسمبر	۴۷	۱۔۶	
۱۹۶۳	جنوری۔جون	۴۸	۱۔۶	
۱۹۶۳	جولائی۔دسمبر	۴۹	۱۔۶	چھے شماروں پر جلد مکمل کی گئی۔
۱۹۶۴	جنوری۔جون	۵۰	۱۔۶	
"	جولائی۔دسمبر	۵۰	۷۔۱۲	جلد مکمل کی گئی۔
۱۹۶۵ تا	جنوری۔جون	۵۱		
۱۹۷۵	جولائی۔دسمبر	۷۲		چھے شماروں پر ایک جلد مکمل کی گئی۔
۱۹۷۶ تا	جنوری۔دسمبر	۷۳	۱۔۱۲	بارہ شماروں پر جلد مکمل کی گئی۔
۱۹۹۴	جنوری۔فروری	۹۱	۱۔۲	ماہانہ اشاعت کا آخری شمارہ جس کے ساتھ اشاعت کا دوسرا دور ختم ہوا۔

رسالہ جامعہ کے خاص نمبر

خاص نمبر	سنہ وسال		جلد وشمارہ نمبر		کیفیت
اقبال کی یاد میں	جنوری۔مارچ	۱۹۷۸	۷۵	(۱۔۳)	
پریم چند کی یاد میں	جولائی۔اگست	۱۹۸۹	۸۶	(۷۔۸)	
ڈاکٹر انصاری نمبر	جون۔جولائی	۱۹۸۱	۷۸	(۶۔۷)	
جشن زریں جامعہ نمبر	نومبر	۱۹۷۰	۶۲	(۵)	
جواہر لال نہرو کی یاد میں	دسمبر	۱۹۸۹	۸۶	(۱۲)	
جوبلی نمبر	نومبر۔دسمبر	۱۹۴۶	۴۲	(۵)	
سالگرہ نمبر	دسمبر	۱۹۳۸	۳۰	(۶)	
غالب نمبر	فروری۔مارچ	۱۹۶۹	۵۹	(۲۔۳)	
گاندھی نمبر	نومبر	۱۹۶۹	۹۵	(۵)	
مجیب نمبر	ستمبر۔اکتوبر	۱۹۸۶	۸۳	(۹۔۱۰)	
مولانا محمد اسلم جیراجپوری نمبر	مارچ۔مئی	۱۹۸۲	۷۹	(۳۔۵)	
مولانا محمد علی نمبر ۱	اپریل	۱۹۷۹	۷۶	(۴)	شمارے پر شمارہ نمبر ۳ چھپا ہے
مولانا محمد علی نمبر ۲	جنوری۔فروری	۱۹۸۰	۷۷	(۱۔۲)	

رسالہ جامعہ کے عنوانات

ایک جائزہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام آزادی ملک کی تحریک کے تعلیمی محاذ پر جدوجہد کی سمت میں ایک قدم تھا اور اس کا مقصد قوم کے نونہالوں کو ایسی تعلیم فراہم کرنا تھا جو مروج نظام تعلیم، جو غلامانہ ذہنیت کو فروغ دینے کے لیے وضع کی گئی تھی، کے برعکس انہیں سماج کے لیے ایک مفید فرد بنانے میں معین و مددگار ہو، تعلیم جو آزادیِ فکر کے ساتھ ساتھ زندگی کی اعلیٰ قدروں کا انہیں رمزشناس بھی بنا سکے۔ یہ رمز شناسی دین کے صحیح مفہوم کے ادراک کے بغیر ممکن نہیں تھی۔ اس لیے اس نظام تعلیم میں دین کی روح کو نصاب کا ایک جزو بنایا گیا تھا۔ بانیانِ جامعہ اور ان کے نوجوان رفقاء جو نہ صرف یہ کہ خود مغربی تعلیم کے پروردہ تھے بلکہ یورپ میں کئی برس گزارنے کی بدولت اس کے زیر اثر پیدا مغربی تہذیب کے منفی پہلوؤں سے بھی واقف تھے۔ تعلیم میں مادری زبان کی اہمیت اور اس کے کلیدی رول کو سمجھتے تھے۔ اس لیے وہ اردو زبان کی ترویج کو جامعہ ملیہ کی تحریک کا ایک جزو سمجھتے تھے۔ تعلیم کے ساتھ انہوں نے اردو کو دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں کی صف میں لانے کی غرض سے مغرب کی بنیادی کتابوں کو اردو میں ترجمہ کرنے کا کام بھی شروع کیا۔ دوسری جانب اردو میں اعلیٰ سطح کے علمی مضامین کی اشاعت کی خاطر رسالہ جامعہ کا اجراء قیامِ جامعہ کے تیسرے سال سے ہی شروع کر دیا۔

رسالے کی اشاعت بھی تحریک کا حصہ تھی اس لیے اس کے اندراجات میں روایتی عنوانات کے ساتھ چند ایسے عنوانات بھی قائم کیے گئے جن کا مقصد اردو کے قارئین کو عصری معلومات سے اسی

طرح باخبر رکھنا تھا جس طرح انگریزی زبان کے رسالوں کے مطالعے کی بدولت انگریزی داں حضرات ہوتے ہیں۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ رسالے میں شذرات، مقالے، تبصرے، شعری ونثری تخلیقات کے ساتھ ساتھ 'دنیا کی رفتار'، 'رفتار تعلیم' 'اپنی اصلاح'، 'دنیائے ادب'، 'حالات حاضرہ'، 'اقتباسات' جیسے عنوانات بھی ملتے ہیں۔ ذیل میں ان عنوانات پر ایک سرسری نظر ڈالی گئی ہے۔

شذرات

شذرات یا اداریے مدیر کی قارئین سے گفتگو کا وسیلہ ہوتے ہیں۔ مدیر اس کے تحت زندگی کے علمی، ادبی، سیاسی یا سماجی کسی بھی ایک سے زائد پہلوؤں پر اپنے تاثرات پیش کرتا ہے۔ شذرات میں ہی رسالے کی پالیسی اور اگر رسالہ کسی ادارہ یا تحریک کا نقیب ہے تو اس کے مقصد ومنہاج کی وضاحت کی جاتی ہے۔ عموماً اداریہ یا شذرات رسالے کے ابتدائی صفحات پر ہوتے ہیں۔ رسالے میں شروع کے تین شماروں تک شذرات ابتدائی صفحات پر ہی ہوتے تھے لیکن اپریل ۱۹۲۳ء سے یہ آخری صفحات پر درج کیے گئے اور یہ روش دور اول کے آخری شمارے تک قائم رہی۔ ۱۹۶۰ء میں جب رسالہ دوبارہ شائع ہونا شروع ہوا تو اس میں شذرات عام روش کے مطابق ابتدائی صفحات پر ہی لکھے گئے اور یہ روایت آج بھی قائم ہے۔

دور اول کے شذرات میں ہمیں جامعہ ملیہ اور جامعہ ملیہ سے متعلق ہونے والی سرگرمیوں کا ذکر بڑی تفصیل سے ملتا ہے۔ ۱۹۲۶ء کے شذرات میں جامعہ ملیہ میں سروجنی نائیڈو کی آمد، امیر جامعہ حکیم اجمل خاں کے ذریعے جامعہ ملیہ کے مقاصد کی وضاحت، ملکی زبان کے استعمال پر گورنر مدراس کی ناراضگی پر تبصرے وغیرہ ملتے ہیں۔ ۱۹۲۷ء میں حکیم صاحب کی اپنی دختر کی شادی کے موقع پر جامعہ کے لیے مالی امداد اور ان کی ہمنوائی میں حکیم کبریا خاں کی جانب سے بھی مالی امداد کا ذکر ہے۔ اس کے علاوہ ہندوستانی تہذیب وتمدن سے مغربی اقوام کی عدم واقفیت پر تاسف کا اظہار کیا گیا ہے۔

۱۹۳۱ء کے اداریے میں شذرات کے دائرہ کا تعین کرتے ہوئے لکھا گیا ہے: 'ہم جامعہ کے صفحات میں صرف جامعہ ملیہ اور دوسرے تعلیمی و اصلاحی اداروں اور تحریکوں پر نظر رکھیں گے۔' ایک

اداریے میں اردو میں طبع زاد افسانوں کے نہ لکھے جانے پر تبصرہ ملتا ہے۔ 'ہم کئی سال سے اس کی پابندی کر رہے ہیں کہ ہر نمبر میں ایک افسانہ ضرور چھپے۔ ہمارے ملک کے ادیبوں کو ابھی اس صنف سے ذوق نہیں ہوا ہے۔ ہمارے رسالوں میں عموماً یورپی زبانوں کے افسانوں کے ترجمے شائع ہوتے رہے ہیں۔ جامعہ میں بھی سوائے پروفیسر مجیب اور حیات اللہ انصاری صاحب کے طبع زاد افسانوں کے ترجمے شائع ہوتے ہیں۔... زبان وادب کی ترقی کے لیے اور ہماری معاشرتی اور تمدنی اصلاح کے لیے اس کی ضرورت ہے کہ ہندوستان کی زندگی کے متعلق طبع زاد افسانے بھی لکھے جائیں۔' جنوری ۱۹۳۲ء کے شذرات میں نصیر الدین خیال کے مضمون 'ہماری شاعری' پر تبصرہ ہے۔ اپریل کے شمارے میں ڈاکٹر ذاکر حسین اور خواجہ غلام السیدین کے مابین موجودہ تعلیم کے نقائص کے موضوع پر مباحثہ کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ اسی طرح ۱۹۳۳ء میں ایک شمارے میں سید سلیمان ندوی کے اردو اکیڈمی کے جلسے میں مسلمانوں کی آئندہ تعلیم کے موضوع پر خطبے کا ذکر ہے تو دوسرے شمارے میں سر محمد اقبال کے لندن سے غرناطہ تک کے سفر یورپ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ شذرات سے ہی ہمیں انگلستان میں آزادی فکر پر قدغن کی بات معلوم ہوتی ہے جس کی بدولت پروفیسر ٹو این بی کو یونیورسٹی کی پروفیسر شپ سے استعفیٰ دینا پڑا۔ اسی طرح مساوات جنس کے موضوع پر مسلم اور عیسائی خواتین کے خیالات، مسلم لیگ کے احیاء اور اسے اپنے پرانے اصول کو ترک کرنے کا مشورہ بھی شذرات ہی کے واسطے سے قارئین تک پہنچتا ہے۔

بیسویں صدی کے تیسرے دہے کے ابتدائی چند برس اور ۱۹۴۰ء تا ۱۹۴۷ء شذرات نہیں لکھے گئے۔ اس کی ایک وجہ غالباً ڈاکٹر سید عابد حسین کی چند دوسرے علمی کاموں میں مصروفیت تھی اور وہ جامعہ کی ادارتی ذمہ داریوں سے رخصت لے چکے تھے۔ یہ وہ دور تھا جب پروفیسر عاقل مرحوم کو اکثر پورا شمارہ اپنے مضامین یا معاشی جائزے سے پُر کرنا پڑتا تھا۔

پابندی سے شذرات لکھے جانے کی راویت رسالہ کے دوسرے دور میں ۱۹۶۷ء کے ماہِ اگست سے شروع ہوتی ہے۔ ۱۹۶۴ء میں پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی رسالہ کے مدیر بنائے گئے۔ ضیاء صاحب اداریہ نگاری کا وسیع تجربہ رکھتے تھے۔ انہوں نے ۵۱/۱۹۵۰ء کے دوران مدینہ (بجنور) اخبار میں اداریے لکھے تھے۔ اسی زمانہ میں انہوں نے مولانا آزاد سے بالمشافہ گفتگو کر کے مختلف

موضوعات پر ان کے خیالات پر مبنی انٹرویو شائع کیا تھا۔ مدینہ کے علاوہ ضیاء صاحب جمیۃ العلماء کے انگریزی ہفت روزہ 'دی میسج (انگریزی) کے بھی مدیر رہ چکے تھے۔ دور اول میں جہاں جامعہ کے شب و روز، وسائل کی فراہمی کے لیے جدوجہد اور جامعہ کے تعلیمی منصوبوں کی وضاحت وغیرہ شذرات کا موضوع رہے تھے۔ دور ثانی میں ان کا دائرہ وسیع ہو کر مذہب، ادب، سیاست، لسانیات، فکر اسلامی کی تشکیل جدید، تصوف، اسلام کا نظام تعلیم وغیرہ کا احاطہ کرتا نظر آتا ہے۔ ایک جانب پنڈت ہردے ناتھ کنزرو صدر، انجمن ترقی اردو ہند، سنیتی کمار چٹرجی، ماہر لسانیات پر تعزیتی نوٹ ہیں تو دوسری جانب ژاں پال سارتر، سیومن دی بوا، ایلی آئزل اور اسٹیس مین اخبار کے سابق مدیر اسٹیفنسن کی اموات پر بھی شذرات لکھے گئے۔ ذاکر حسین کے تصور مذہب، ان کی کہانی 'کچھوا اور خرگوش' جہاں اداریہ کے موضوعات میں تنوع کی یہ روایت ضیاء صاحب کے بعد آنے والے مدیران نے بھی قائم رکھی ہے۔

تبصرے

شذرات کے بعد اہمیت کے اعتبار سے دوسرا مستقل عنوان تبصروں کا ہے۔ جامعہ کے اساتذہ، اردو اکیڈمی نیز مکتبہ جامعہ کے اراکین کے تعلقات اردو زبان و ادب کے مشاہیر سے نہایت قریبی نوعیت کے تھے۔ اپنی تصانیف و تراجم کی بدولت اردو دنیا کا شاید ہی کوئی معروف ادیب یا شاعر ہوگا جس کی ملاقات ارباب جامعہ سے نہ ہوئی ہو۔ اسی طرح اسلامی علوم اور عربی زبان و ادب کے مصنفین بھی جامعہ میں موجود مولانا سورتی، خواجہ عبدالحئی، مولانا اسلم جیراجپوری، مولانا عبدالسلام ندوی وغیرہ کے مبلغ علم کے معترف تھے۔ اس لیے رسالہ جامعہ میں تبصرے کے لیے ملک کے معروف علماء، ادباء اور شعراء کرام کی مطبوعات موصول ہوتی تھیں۔ یہ کتابیں موضوع کے اعتبار سے دینیات، ادب، سیاست، تاریخ غرض جملہ علوم انسانی پر محیط ہیں۔ رسالوں کے پہلے شمارے اور خصوصی شمارے بھی تبصرے کے لیے موصول ہوتے تھے۔ دورِ اول اور دورِ دوم میں تبصرے کے لیے موصول کتابوں کی تعداد تقریباً دو ہزار ہے۔ یہ تبصرے عموماً جامعہ کے اساتذہ لکھتے تھے۔ لیکن ۱۹۳۱ء کے اکتوبر کے شمارے کے اداریے میں اس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ تبصرے کے لیے کتابیں دہلی سے باہر کے ماہرین کے پاس بھی بھیجی جاتی تھیں۔ جامعہ کے مبصرین میں ہمیں محمد یحیٰی تنہا، عبادت بریلوی،

میکش اکبرآبادی، آل احمد سرور، قاضی عبدالودود، قاضی عبدالغفار، گوپی ناتھ امن، راجندر ناتھ شیدا، شہاب الدین دسنوی، شاہد احمد دہلوی، رشید حسن خاں اور ابن فرید کے نام بھی ملتے ہیں۔

کتابوں پر تبصرے کے علاوہ قارئین کو نئی مطبوعات سے واقف کرانے کی غرض سے کسی ایک موضوع پر اہم تصانیف کا جائزہ بھی پیش کیا جاتا تھا۔ جنوری ۱۹۳۴ء کے شمارے میں ذاکر صاحب نے معاشی منصوبہ بندی کے موضوع پر انگریزی زبان میں شائع کتابوں کا تعارف پیش کیا ہے۔ جنوری ۱۹۳۸ء کے شمارے میں ذاکر صاحب کا ایک مضمون 'سیاسیات عالم پر چند مفید کتابیں' کے عنوان سے ملتا ہے۔ مئی-جون ۱۹۶۳ء کے شمارے میں علی جواد زیدی صاحب نے ۱۹۶۲ء کے شعری ادب پر شائع کتابوں کا جائزہ پیش کیا ہے۔ '۱۹۶۱ء کی اردو مطبوعات پر ایک نظر' کے عنوان سے عبداللطیف اعظمی صاحب نے ایک مضمون سپرد قلم کیا ہے۔

حالات حاضرہ

مرتبین رسالہ کی ہمیشہ سے یہ خواہش رہی کہ جامعہ میں بھی انگریزی رسائل کی طرح عصری معلومات کے جائزے کا التزام کیا جائے۔ اس سلسلے میں جولائی ۱۹۲۷ء کے شذرات میں یہ نوٹ ملتا ہے:

ہندوستان کی علمی اور سرکاری زبان انگریزی ہونے کی وجہ سے سیاسیات حاضرہ اور علوم جدیدہ پر اچھے مضامین اسی زبان میں نکلتے ہیں. اردو داں پبلک ان سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتی اوریہ دیکھتے ہوئے کہ اردو کے جو رسالے آج کل جاری ہیں اور جن کا یہ فرض ہونا چاہیے کہ وہ نئے مسائل اور نئی باتوں سے پبلک کو آگاہ کریں، ان میں سے کم اپنے فرض کو محسوس کرتے اور کم ادا کرسکتے ہیں

اسی فرض کفایہ کو ادا کرنے اور اپنی خواہش کی تکمیل کے طور پر 'دنیا کی رفتار' عنوان کے تحت ایک مستقل کالم اکتوبر ۱۹۳۱ء کے شمارے سے شروع کیا گیا۔ عنوان کا نام بدلتا رہا۔ کبھی اسے 'رفتار عالم' کہا گیا کبھی 'حالات حاضرہ' اور کبھی 'سیاسی ڈائری'۔ لیکن کسی نہ کسی عنوان سے یہ کالم دور دوم کے آخر تک قائم رہا۔ اس کے تین ذیلی عنوانات 'ممالک غیر'، 'عالم اسلامی' اور

'ہندوستان' رکھے گئے۔ 'ممالک غیر' کے تحت مغربی ممالک اور جاپان وچین میں ہونے والی سیاسی تبدیلیوں کا جائزہ ابتدائی دور میں ڈاکٹر ذاکر حسین لکھتے تھے۔ تیسرے دہے کے آخری برسوں میں اور چوتھے دہے میں یہ جائزہ پروفیسر محمد مجیب نے لکھا اور دوسرے دور میں حالات حاضرہ کے عنوان کے تحت یہ جائزہ کئی برسوں تک 'روزنامہ' قومی آواز کے ایڈیٹر عشرت علی صدیقی صاحب نے لکھا۔ کئی جائزے ظفر پیامی (دیوان بریندر ناتھ) کے لکھے ہوئے ہیں۔ ذاکر صاحب نے کبھی جائزہ خود نہ لکھ کر کسی جرمن یا انگریزی رسالے کے تازہ مضمون کا ترجمہ کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر دسمبر ۱۹۳۰ء میں ایتھوپیا (سابق حبش) کے سلسلے میں اٹلی اور برطانیہ کی ریشہ دوانیوں کا حال ایک جرمن اخبار میں شائع مضمون کا ترجمہ ہے۔

عالم اسلامی کے ذیلی عنوان کے تحت مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ کے مسلم ملکوں کی سیاسی تبدیلیوں کا جائزہ اشاعت کے دور اول میں نذیر نیازی اور محمد سرور پیش کرتے تھے۔ ان جائزوں کی مدد سے مشرق وسطیٰ کی جغرافیائی سیاست، برطانیہ کی ان ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت، مصر میں وفد پارٹی کے اثرات کم کرنے کی کوششیں، ایران عراق کے درمیان شط العرب پر بالادستی کا قضیہ اور خلیج عقبہ پر برطانوی تسلط کی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

ہندوستان

ہندوستان کے ذیلی عنوانات پر لکھنے والوں میں شفیق الرحمٰن صاحب اور پروفیسر محمد عاقل شامل تھے۔ بالعموم یہ جائزہ ملک کی معیشت پر ہوتا تھا۔ لیکن ملک کے سیاسی تناظر میں مسلمانوں کی سیاسی حالت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: 'اقتدار اور رہنمائی کی جگہوں میں مسلمانوں کی تعداد بہت کم ہوگئی ہے۔ خود غرض اغیار اپنا کام نکالنے کے لیے انہیں کبھی کبھی اونچی جگہوں پر بٹھا دیتے ہیں۔ سچا رفیق اور دوست کوئی نہیں'۔ ستر برس بعد آج بھی عاقل صاحب کا تجزیہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔

تعلیمی دنیا تعلیمی مسائل

تعلیم کا موضوع جامعہ ملیہ اسلامیہ میں بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ جامعہ کے دور اول کے اراکین میں بڑی تعداد ایسے افراد کی رہی ہے جن کا شمار ملک کے معروف مفکرین تعلیم میں ہوتا ہے۔ بنیادی تعلیم جسے ہم وردھا اسکیم کے نام سے جانتے ہیں، اس کا خاکہ جامعہ ملیہ

اسلامیہ میں ہی بنایا گیا، بنیادی تعلیم کے اساتذہ کی تربیت کا کام بھی جامعہ سے ہی شروع ہوا۔ قومی تعلیم کا فروغ ہی مہاتما گاندھی کو جامعہ ملیہ کے قریب لانے کا محرک بنا تھا۔ اس پس منظر میں رسالہ جامعہ میں 'رفتار تعلیم' کے عنوان کے تحت تعلیم کے میدان میں پیش رفت اور تعلیمی مسائل پر خبر ونظر کے کالم کا رکھنا ایک لازمی امر تھا۔ رسالے کے جون ۱۹۲۳ء کے شمارے میں تعلیم سے متعلق نوٹ میں اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ 'ہمارا مقصد بھی تعلیم وترقی کے ساتھ قومی نصب العین اور اس کے اہم پہلوؤں کو جو موجودہ حالات میں اکثر تبدیل ہوتے رہتے ہیں، پیش کرنا قرار پائے گا۔ چنانچہ رفتار تعلیم کے نام سے ایک مستقل عنوان قائم کردینے کے علاوہ ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ کوئی معقول تعلیمی مضمون شائع ہو' ابتداء میں اس عنوان کے تحت ملک اور بیرون ملک کی تعلیمی سرگرمیوں اور خیالات اور میلانات کا خلاصہ 'معلم' کے فرضی نام کے تحت پیش کیا گیا۔ جولائی ۱۹۳۷ء سے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم میں استاد چودھری عبدالغفور صاحب نے 'تعلیمی دنیا' کے عنوان کے تحت یہ جائزہ لکھنا شروع کیا۔ ۱۹۳۸ء مارچ کے شمارے میں ہمیں وردھا اسکیم پر ملک کے مختلف تعلیمی حلقوں کا ردعمل ملتا ہے، ہندوستانی زبان کے مسئلہ پر بہار حکومت کی قائم کی گئی تحقیقاتی کمیٹی کی اطلاع بھی اسی شمارے میں دی گئی ہے۔ نوبل انعام یافتہ مصنف راجر مارٹن دوگارڈ پر ایک نوٹ ہے آل انڈیا تعلیمی کانفرنس (لکھنؤ) کی تجویز کہ ابتدائی درجہ سے اعلیٰ درجہ تک ذریعہ تعلیم مادری زبان ہو، پر کانفرنس کے شرکاء کا ردعمل پیش کیا گیا ہے۔

۱۹۶۰ء میں جب رسالہ دوبارہ شروع کیا گیا تو تعلیم کے موضوع پر 'تعلیمی مسائل' کے نئے عنوان کے تحت سعید انصاری صاحب، پرنسپل 'استادوں کا مدرسہ' نے جائزہ لکھنا شروع کیا۔ لیکن جائزہ پیش کرنے کا یہ سلسلہ ناغے کے ساتھ، اپریل ۱۹۶۹ء تک جاری رہ کر بند ہوگیا۔

ادبیات

اشاعت کے پہلے ہی دور سے 'ادبیات' کا ایک عنوان قائم کیا گیا تھا اور اسی کے تحت ملک کے معروف شعراء کی غزلیں، قطعات اور نظمیں اردو اور کبھی کبھی فارسی زبان میں شائع ہوتی تھیں۔ اقبال، ثاقب لکھنوی، جگر مرادآبادی، روش صدیقی، اختر انصاری، اثر صہبائی کا کلام پابندی سے شائع ہوتا تھا۔ جامعہ کے شعراء میں مولانا محمد علی جوہر، ڈاکٹر سید عابد حسین، مولانا اسلم جیراجپوری، غلام ربانی

تاباں، قیصر زیدی اور انور صدیقی کے اشعار اکثر رسالے کی زینت بنے۔ فارسی میں حکیم اجمل خاں شیدا، نکہت سہسوانی، حامد حسن قادری اور ہادی مچھلی شہری کا کلام شائع کیا گیا۔

کوائف جامعہ

۱۹۶۰ء میں جب رسالہ دوبارہ شائع ہونا شروع ہوا تو عبداللطیف اعظمی صاحب نے اس عنوان کے تحت جامعہ کی ادبی و علمی سرگرمیوں کا جائزہ پیش کرنا شروع کیا۔ کالم ایک طرح سے دور اول کے ابتدائی دور کے شذرات کی روش پر جامعہ کے شب و روز کا جائزہ تھا۔ جب کبھی بھی جامعہ کی علمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کا جائزہ لکھا جائے گا تو 'کوائف جامعہ' کے کالم کے تحت تفصیل بنیادی مواد کے طور پر استعمال کی جائے گی۔

پروفیسر ہاشمی نے اپنے دور ادارت میں دو نئے عنوانات 'اپنی اصلاح' اور 'دنیائے ادب' کے نام سے شروع کیے۔ 'اپنی اصلاح' کے تحت مسلمانوں کی توجہ ان کی سماجی زندگی کے منفی پہلو کی جانب ملتفت کرائی جاتی تھی جب کہ 'دنیائے ادب' کا موضوع ملک کی اردو کے علاوہ دوسری زبانوں میں ہونے والی ادبی سرگرمیاں تھیں۔ مثال کے طور پر مئی ۱۹۴۰ء کے شمارے میں ملک راج آنند اور اقبال سنگھ کا لندن سے 'انڈین رائٹنگ' نامی رسالہ نکالنے کی تجویز کا ذکر ہے۔ جون کے شمارے میں گجراتی، بنگالی اور تمل زبانوں میں ہونے والی سرگرمیوں کا ذکر ہے۔

عنوانات کے اس مختصر جائزے سے یہ بات بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ رسالہ جامعہ محض ایک ادبی یا علمی رسالہ نہ رہ کر اردو زبان کی ترویج کی تحریک کا ایک فعال ترجمان رہا ہے۔ جس نے پیش قدمی کے لیے راستوں کا ہی تعین نہیں کیا بلکہ ان پر چل کر بھی دکھایا ہے۔

☆☆☆

نوٹ: تبصرے اور حالات حاضرہ کے اشاریوں کو اتنے برسوں بعد اپنی معنویت کھو دینے کے خیال اور مطبوعہ اشاریہ کی ضخامت کو مناسب حدود میں رکھنے کی ضرورت کے تحت انھیں شامل اشاعت نہیں کیا گیا ہے۔

رسالہ جامعہ کے مدیران
اور
ارکان مجلسِ مشاورت

رسالہ جامعہ کی ابتداء جنوری ۱۹۲۳ء میں طلبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایک رسالے کی حیثیت سے ہوئی اور ادارت کی ذمہ داری نورالرحمٰن صاحب کے سپرد کی گئی جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبۂ تصنیف وتالیف کے نگراں تھے، ۱۹۲۳ء اور ۱۹۹۴ء کے درمیان سات دہوں کا فاصلہ ہے۔ اس مدت میں سے اگست ۱۹۴۷ء تا اکتوبر ۱۹۶۰ء کے تیرہ سالوں کے تعطل کو جب اشاعت بند تھی، اگر نکال دیا جائے تو رسالے کا اشاعتی دور ۵۷ برس کا ہوتا ہے۔ اس دور میں دس مختلف دانش ورانِ جامعہ نے کبھی تنہا اور کبھی شرکت میں رسالے کی ادارتی ذمہ داریاں سنبھالیں۔ اس کے علاوہ جامعہ کے اساتذہ کی ایک قابل ذکر تعداد مختلف اوقات میں مجلسِ ادارت میں شریک رہی۔ نورالرحمٰن صاحب کا دور بہت مختصر رہا، جو مئی-جون ۱۹۲۴ء کے شمارے کے ساتھ ختم ہوگیا اور ادارتی ذمے داری مولانا اسلم جیراجپوری کے سپرد کردی گئی۔ مولانا جو اسلامی علوم اور عربی زبان و ادب کے ایک ممتاز عالم تھے رسالہ جامعہ کے ۱۹۲۴ء سے ۱۹۳۴ء یعنی دس برس تک مدیر رہے۔ اس عرصے میں مختصر مدت کے لیے پروفیسر یوسف حسین خاں اور پھر ڈاکٹر سید عابد حسین ان کے شریکِ کار رہے۔ ڈاکٹر سید عابد حسین رسالے سے بحیثیت شریک مدیر ۱۹۲۶ء میں جرمنی سے واپسی پر ہی منسلک ہوگئے تھے اور ان کا یہ تعلق ۱۹۳۸ء تک قائم رہا۔ ۱۹۳۵ء اور ۱۹۳۶ء میں جامعہ میں معاشیات کے استاد پروفیسر محمد عاقل عابد صاحب کے معاون رہے۔ پروفیسر محمد عاقل کا رسالہ جامعہ کی ادارت

سے جو تعلق مئی ۱۹۳۵ء سے شروع ہوا تھا وہ ۱۹۴۷ء تک رہا۔ اس عرصے میں ایسی صورت بھی سامنے آئی کہ پروفیسر عاقل کو اپنے مضامین کے ذریعے ہی پورا شمارہ مکمل کرنا پڑا۔ اکتوبر ۱۹۳۹ء سے دسمبر ۱۹۴۳ء تک رسالے کی ادارت پروفیسر نورالحسن ہاشمی کے سپرد رہی۔ عبداللطیف اعظمی صاحب کے مطابق وہ رسالہ بھوپال سے مرتب کر کے بھیجتے تھے۔ غالباً عبداللطیف صاحب کو سہو ہوا ہے۔ ہاشمی صاحب ان دنوں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کر رہے تھے۔ جہاں ان کے نگراں پروفیسر رشید احمد صدیقی تھے۔ ۱۹۴۴ء میں جنوری تا ستمبر رسالے کی اشاعت بند رہی۔ فروری ۱۹۴۷ء میں ایک بار پھر ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب مدیر جامعہ بنائے گئے۔ ان کا یہ دورِ ادارت ۱۹۴۷ء کے روح فرسا واقعات کے پیش نظر جولائی ۱۹۴۷ء کے شمارے کے ساتھ ختم ہوا۔

نومبر ۱۹۶۰ء میں جب رسالے کی اشاعت دوبارہ شروع کی گئی تو ادارتی ذمے داریوں کے لیے پروفیسر محمد مجیب، ڈاکٹر سید عابد حسین، پروفیسر سلامت اللہ اور پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی پر مشتمل ایک مجلس ادارت تشکیل دی گئی۔ رسالے کی اشاعت اور مضامین اور ذیلی عنوانات کے تحت مواد کی ترتیب کی ذمے داری عبداللطیف اعظمی صاحب کے سپرد کی گئی۔ پہلے دو برسوں تک انہیں ناشر لکھا گیا۔ لیکن اپریل ۱۹۶۲ء سے انہیں مرتب لکھا جانے لگا۔ مئی ۱۹۶۴ء میں پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی رسالہ جامعہ کے مدیر بنائے گئے۔ ضیاء صاحب کا دورِ ادارت نومبر ۱۹۸۸ء تک ایک چوتھائی صدی کو محیط ہے۔

دسمبر ۱۹۸۸ء میں ڈاکٹر سید جمال الدین صاحب ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کے ڈائرکٹر مقرر ہوئے اور دسمبر کے شمارے پر ان کے نام کے ساتھ مدیر اعلیٰ لکھا گیا۔ مدیر کی حیثیت سے ڈاکٹر صغرا مہدی ان کی رفیق کار ہوئیں۔ ۱۹۹۰ء کے وسط میں پروفیسر مقبول احمد انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر مقرر ہوئے اور جون کے شمارے پر ان کا نام بحیثیت 'مدیر اعلیٰ' لکھا گیا جب کہ ڈاکٹر جمال الدین صاحب مدیر ہوئے۔ جنوری ۱۹۹۲ء کے شمارے پر آخری بار پروفیسر مقبول احمد کا نام بحیثیت 'مدیر اعلیٰ' شائع ہوا۔ فروری ۱۹۹۲ء سے ڈاکٹر جمال الدین تنہا مدیر رسالہ جامعہ رہ گئے۔ جنوری ۱۹۹۴ء کے شمارے کے ساتھ رسالہ جامعہ کا دوسرا دور اشاعت اور ڈاکٹر سید جمال الدین کا دور ادارت دونوں اختتام کو پہنچے۔ فروری ۱۹۹۴ء سے پروفیسر شمیم حنفی کو رسالہ جامعہ کی ادارت سپرد کی گئی اور اگلے ماہ سے یہ رسالہ تین مہینے یا چھ مہینے کے وقفے سے شائع ہونے لگا۔

رسالہ جامعہ کے لیے پہلی بار مجلس ادارت ۱۹۳۴ء میں ترتیب دی گئی اور ڈاکٹر سید عابد حسین، ڈاکٹر ذاکر حسین، پروفیسر محمد مجیب اور پروفیسر عبدالعلیم احراری اس کے رکن بنائے گئے۔ یہ

مجلس رسالے کو موضوعی ترتیب پر مرتب کر کے شائع کرنے کے لیے بنائی گئی تھی جس کے تحت اسلامیات، اجتماعیات اور ادبیات پر چار چار شمارے شائع کیے گئے لیکن یہ تجربہ ایک سال سے آگے نہیں بڑھا اور مجلس ادارت اسی کے ساتھ ختم ہوگئی۔ دوسری بار یہ مجلس نومبر ۱۹۶۰ء میں بنائی گئی۔ اس کے ارکان اگرچہ بدلتے رہے لیکن یہ سلسلہ آج بھی قائم ہے البتہ دسمبر ۱۹۸۸ء سے اس کا نام مجلس مشاورت رکھ دیا گیا ہے۔

رسالہ جامعہ اور ارکان مجلسِ مشاورت
مع مدتِ ممبری

مدتِ مجلس	ارکانِ مجلس
۱۹۳۴ء	مولانا اسلم جیراجپوری، ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈاکٹر عابد حسین، پروفیسر محمد مجیب، پروفیسر عبدالعلیم۔
نومبر ۱۹۶۰ء تا جون ۱۹۷۴ء	پروفیسر محمد مجیب، ڈاکٹر سید عابد حسین، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی۔
جولائی ۱۹۷۴ء تا اگست ۱۹۷۹ء	پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر محمد مجیب، ڈاکٹر سید عابد حسین، پروفیسر سلامت اللہ۔
ستمبر ۱۹۷۹ء تا فروری ۱۹۸۵ء	پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر محمد مجیب، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی۔
مارچ ۱۹۸۵ء تا نومبر ۱۹۸۸ء	پروفیسر علی اشرف، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی۔
دسمبر ۱۹۸۸ء تا مئی ۱۹۸۹ء	پروفیسر علی اشرف، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر محمد عاقل، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر شمس الرحمٰن محسنی، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی۔

جون ۱۹۸۹ء تا اگست ۱۹۸۹ء ڈاکٹر سید ظہور قاسم، پروفیسر علی اشرف، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر محمد عاقل، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر شمس الرحمٰن محسنی، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی۔

ستمبر ۱۹۸۹ء تا ستمبر ۱۹۹۱ء ڈاکٹر سید ظہور قاسم، پروفیسر علی اشرف، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر محمد عاقل، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر شمس الرحمٰن محسنی، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی، جناب عبداللطیف اعظمی۔

اکتوبر ۱۹۹۱ء تا فروری ۱۹۹۲ء ڈاکٹر سید ظہور قاسم، پروفیسر مجیب حسین رضوی، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر محمد عاقل، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر شمس الرحمٰن محسنی، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی، جناب عبداللطیف، اعظمی۔

مارچ ۱۹۹۲ء تا اگست ۱۹۹۳ء پروفیسر بشیر الدین احمد، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر سید مقبول احمد، پروفیسر محمد عاقل، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر مجیب رضوی، پروفیسر مشیر الحسن، پروفیسر شمس الرحمٰن محسنی، جناب عبداللطیف اعظمی۔

ستمبر ۱۹۹۳ء تا جنوری ۱۹۹۴ء پروفیسر بشیر الدین احمد، پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی، پروفیسر مسعود حسین، پروفیسر سید مقبول احمد، پروفیسر محمد عاقل، پروفیسر سلامت اللہ، پروفیسر محمد مجیب حسین رضوی، پروفیسر مشیر الحسن، جناب جمال عبدالواجد، جناب عبداللطیف اعظمی۔

رسالہ جامعہ کے مدیران

مع مدتِ ادارت

مولانا اسلم جیرا جپوری جولائی ۱۹۲۴ء تا مارچ ۱۹۲۵ء

ستمبر ۱۹۲۵ء تا فروری ۱۹۲۶ء (شریک مدیر یوسف حسین خاں)

مارچ ۱۹۲۶ء تا دسمبر ۱۹۳۳ء (شریک مدیر ڈاکٹر سید عابد حسین)

۱۹۳۴ء (ممبر مجلس ادرات، کوئی مدیر نہ تھا)

ڈاکٹر سید جمال الدین دسمبر ۱۹۸۸ء تا اگست ۱۹۸۹ء مدیر اعلیٰ (شریک مدیر ڈاکٹر صغرا مہدی)

ستمبر ۱۹۸۹ء تا جنوری ۱۹۹۴ء

ڈاکٹر صغرا مہدی دسمبر ۱۹۸۸ء تا اگست ۱۹۸۹ء (مدیر اعلیٰ ڈاکٹر جمال الدین)

دسمبر ۱۹۸۹ء تا مئی ۱۹۹۰ء (مدیر اعلیٰ پروفیسر مقبول احمد، شریک مدیر ڈاکٹر جمال الدین)

ڈاکٹر سید عابد حسین مارچ ۱۹۲۶ء تا دسمبر ۱۹۳۳ء (شریک مدیر مولانا اسلم جیراپوری)

مجلسِ ادارت

۱۹۳۴ء ممبر مجلس ادارت (کوئی مدیر نہ تھا)

جنوری-اپریل ۱۹۳۵ء

مئی ۱۹۳۵ء تا اگست ۱۹۳۶ء (شریک مدیر پروفیسر محمد عاقل)

ستمبر ۱۹۳۶ء تا اکتوبر ۱۹۳۸ء

فروری- جولائی ۱۹۴۷ء

مئی ۱۹۳۵ء دسمبر ۱۹۳۳ء (شریک مدیر ڈاکٹر سید عابد حسین)

نومبر ۱۹۳۸ء تا ستمبر ۱۹۳۹ء

اکتوبر ۱۹۴۴ء تا جنوری ۱۹۴۷ء

پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی مئی ۱۹۶۴ء تا نومبر ۱۹۸۸ء

پروفیسر مقبول احمد ستمبر ۱۹۸۹ء تا جون ۱۹۹۲ء 'مدیر اعلیٰ' (مدیر ڈاکٹر جمال الدین)

جناب نورالرحمن صاحب جنوری ۱۹۲۳ء تا جون ۱۹۶۴ء

پروفیسر نورالحسن ہاشمی اکتوبر ۱۹۳۹ء تا دسمبر ۱۹۴۳ء

پروفیسر یوسف حسین خاں ستمبر ۱۹۲۵ء تا فروری ۱۹۲۶ء (شریک مدیر مولانا اسلم جیراجپوری)

مولانا اسلم جیراجپوری

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبۂ تصنیف و تالیف کی جانب سے ۱۹۲۳ء کے ماہ جنوری میں جب رسالہ جامعہ شائع ہوا تو بحیثیت ناظم شعبۂ تصنیف و تالیف نور الرحمٰن صاحب اس کے مدیر ہوئے۔ لیکن ان کی یہ ذمہ داری ڈیڑھ سال بعد جون ۱۹۲۴ء کے شمارے کے ساتھ ختم ہوگئی۔ جولائی ۱۹۲۴ء سے رسالہ جامعہ مولانا اسلم جیراجپوری کی ادارت میں شائع ہونا شروع ہوا۔ مولانا کا رسالے سے یہ تعلق تقریباً ایک دہے تک رہا۔ اس عرصے میں پروفیسر یوسف حسین خاں جو ابھی مزید تعلیم کے لیے فرانس نہیں گئے تھے، ان کے معاون رہے۔ ۱۹۲۴ء میں جب ڈاکٹر سید عابد حسین جرمنی سے جامعہ ملیہ آئے تو وہ بھی مولانا اسلم جیراجپوری کے شریک کار ہوگئے۔

مولانا اسلم جیراجپوری ۲۷ جنوری ۱۸۸۲ء میں آعظم گڑھ کے موضع جیراجپور میں پیدا ہوئے لیکن کم عمری میں ہی اپنے والد کے پاس بھوپال آگئے۔ مولانا کے والد مولوی سلامت اللہ ریاست بھوپال میں مہتمم تعلیمات ہونے کے ساتھ ساتھ واعظِ شہر بھی تھے۔ ان کے حلقۂ احباب میں اس دور کے معروف ماہرین عربی زبان و ادب اور اسلامی علوم کے علماء تھے۔ مولانا کو پہلے قرآن حفظ کرایا گیا۔ پھر والد کی نگرانی میں عربی و فارسی زبان و ادب کی تعلیم مکمل کرائی گئی۔ مولانا نے جلد ہی اتنی لیاقت بہم پہنچا لی کہ اپنے ہم سبقوں کو درس دینے لگے۔ خداداد ذہانت، مولوی سلامت اللہ جیسے عالمِ دین کی تعلیم و تربیت، ریاست میں موجود عربوں کی صحبت اور شہر کا علمی ماحول سب نے مل کر مولانا کی علمی شخصیت کو ایک منفرد حیثیت عطا کی۔ مولانا نے اپنی تعلیم کی تفصیل 'میری طالب علمی' نام کے اپنے ایک مضمون میں دی ہے۔ یہ مضمون رسالہ جامعہ کے اسلم جیراجپوری نمبر میں دوبارہ شائع ہوا ہے۔

تعلیم مکمل کرنے کے بعد مولانا اسلم کچھ عرصہ لاہور میں پیسہ اخبار کے دفتر میں بحیثیت عربی مترجم ملازم رہے۔ پھر ۱۹۰۲ء میں علی گڑھ کالجیٹ اسکول میں عربی فارسی کے استاد ہوگئے۔ چند سالوں بعد اینگلو اورینٹل کالج کی لٹن لائبریری (مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ) شعبۂ مشرقیات کے مہتمم مقرر ہوئے۔ یہاں انھوں نے کتب خانہ کی کتابوں کی ایک فہرست مرتب کی، پھر علی گڑھ کالج میں عربی و فارسی کے پروفیسر ہوگئے۔ افتادِ طبع کے اعتبار سے مولانا ان علماء

میں سے تھے جنھوں نے ملک پر انگریزوں کے اقتدار کو کبھی پسند نہیں کیا اور جب ۱۹۲۰ میں ترک موالات کی تحریک کے نتیجے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ قائم ہوئی تو مولانا محمد علی کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے زیادہ تنخواہ اور آرام آسائش کی ملازمت کو چھوڑ کر بے سروسامانی اور تنگ دستی کے ماحول سے عبارت جامعہ ملیہ میں آ گئے اور پھر یہیں کے ہو کر رہ گئے

مولانا اسلم ایک متبحر عالم دین، اسلام کی تاریخ اور عربی زبان وادب کے منفرد عالم تھے، اس کے ساتھ عربی فارسی اور اردو زبان کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے جس کا نمونہ ان کا فارسی اور اردو کلام ہے۔ مزاج میں درویشی اور استغنا بدرجہ اتم موجود تھی۔ قدیم طرز تعلیم اور مسلک اہلِ حدیث کے زیر اثر تربیت کے باوجود اپنے فطری روشن خیالی کی بدولت عصری رجحانات اور خیالات سے بے خبر نہیں رہتے تھے۔ مذہب کی تعبیر وتشریح میں قرآن کو آخری حکم مانتے تھے اور حدیث کی صحت اور عدم صحت کا معیار بھی ان کے نزدیک قرآن ہی تھا۔ اسی لیے ایک حلقہ میں اہل قرآن کے نام سے معروف تھے۔ اپنے عقیدہ رکھنے والے سے بھی بڑی رواداری سے پیش آتے تھے۔ ان کے ایک عزیز شاگرد اور سابق ممبر پریس کمیشن معین الدین حارث کے مطابق 'ان کی وسیع النظری فراخ دلی اور رواداری کا یہ عالم تھا کہ جہاں وہ اپنی رائے پر پختگی سے جمے رہتے تھے وہیں فریق ثانی کو اپنی رائے رکھنے کا پورا حق بھی دیتے تھے۔' مولانا اسلم کی عصری رجحانات ومیلانات سے واقفیت کی ان کی خوبی کا اعتراف کرتے ہوئے پروفیسر مجیب لکھتے ہیں:

'مولانا اپنے علم کو جامد رکھنے کے قائل نہیں تھے، ان کا علم کتابی نہیں تھا، زمانے سے بے خبر نہیں تھا، دوسروں کے ذہن پر حکومت کرنا اپنا حق نہیں سمجھتا تھا۔ ان کا ذہن نئے تصورات ان کی طبیعت نئے اثرات قبول کرنے کے لیے تیار رہتی تھی۔'

کچھ عجیب اتفاق ہے کہ رسالہ جامعہ کے اس مدیر کی تصنیفی زندگی کی ابتداء بھی صحافتی ماحول سے ہوئی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد مولانا نے ملازمت کی زندگی انیسویں صدی کے معروف پیسہ اخبار سے شروع کی۔ علی گڑھ کی ملازمت کے دوران تصنیف وتالیف کی ابتداء ہوئی، جہاں جرجی زیدان کی ایک کتاب کا ترجمہ علوم عرب کے نام سے کیا۔ اسی زمانے میں تاریخ القرآن لکھی جو عرصے تک علی گڑھ کالج میں دینیات کے نصاب میں شامل رہی۔ عبداللطیف اعظمی صاحب نے ان کی کتابوں کی ایک فہرست مرتب کی ہے جو جامعہ کے

اسلم جیر اجپوری نمبر میں شائع ہوئی ہے۔ اس میں انتیس کتابوں کا ذکر ہے۔ اس میں شامل تاریخ الامت آٹھ جلدوں میں ہے۔ ابتدائی دور کے اسلامی قلمرو میں شامل ملکوں کی اردو زبان میں یہ ایک منفرد تصنیف ہے۔ رسالہ جامعہ میں مولانا کے چالیس مضامین شامل ہیں جو علوم کے ایک وسیع دائرے پر محیط ہیں۔ مولانا کے ادبی ذوق کی داد ڈاکٹر اقبال نے بھی دی ہے۔ ان کی ایک درجن شعری تخلیقات رسالہ جامعہ میں شائع ہوئی ہیں۔'روح جامعہ' کے عنوان سے جامعہ ملیہ پر لکھی گئی ان کی نظم آج بھی اپنی غنائیت اور داخلی کیفیت کی بدولت اپنی مقبولیت قائم رکھے ہوئے ہے۔

مولانا اسلم کے کتابوں پر تبصرے مختصر لیکن گہری علمی بصیرت لیے ہوئے ہیں۔ قرآن مجید کے اردو ترجمے کے سلسلے میں مولانا نے بعض مقامات پر مولانا محمود حسن کے ترجمے پر ڈپٹی نذیر احمد کے ترجمے کو فوقیت دی ہے علامہ مشرقی کی 'اشارات' پر تبصرہ لکھتے وقت کتاب کے سماجی خدمت کی اہلیت کو بڑھاوا دینے کی صفت کی بہت تعریف کی ہے اور مسلمانوں کو ایثار اور خدمت کے جذبے کے فروغ دینے کی ترغیب دی ہے۔

''رسالہ جامعہ نے اپنے سابق مدیر کو بھلایا نہیں......'' اور ان کی ولادت کے سوویں برس مئی ۱۹۸۲ء میں مارچ تا مئی کے شماروں پر مشتمل ایک خاص نمبر شائع کیا۔ تیرہ مضامین پر مشتمل یہ نمبر جس میں خود مولانا کا لکھا ہوا مضمون 'میری طالب علمی' بھی شامل ہے، مولانا کی علمی اور ذاتی زندگی پر ایک مکمل دستاویز ہے۔

ڈاکٹر سید جمال الدین

ڈاکٹر سید جمال الدین جامعہ کے ہونہار طالب علم، جامعہ سے ایم۔ اے ہسٹری کی سند لے کر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ تاریخ و ثقافت میں لکچرار مقرر ہو گئے۔ مارہرہ کے صوفی خانوادے کے فرد ہونے کے ناطے مزاج میں وسیع المشربی اور انکساری بدرجہ اتم تھی۔ انھوں نے اردو میں تاریخ نگاری پر وقیع مضامین لکھے۔ ان کی صلاحیت اور شخصیت میں جامعہ کی روایت کی پاس داری کے پیش نظر پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی کے ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کے اعزازی ڈائرکٹر شپ سے ۱۹۹۸ء میں سبک دوشی پر انھیں انسٹی ٹیوٹ کا اعزازی ڈائرکٹر مقرر کیا گیا۔ ساتھ ہی رسالہ جامعہ کی ادارت بھی سونپی گئی۔ انھوں

نے ۱۹۹۴ء جنوری تک رسالے کی ترتیب و تدوین کی ذمے داریوں کو نہایت خوش اسلوبی سے نبھایا۔ اپنے دورِ ادارت میں انھوں نے پروفیسر صغرا مہدی کے تعاون سے رسالہ جامعہ کے 'پریم چند نمبر اور جواہر لال نہرو کی یاد میں 'نمبر شائع کیے۔ فروری ۱۹۹۴ء سے پروفیسر شمیم حنفی نے رسالے کی ادارت کی ذمے داری سنبھالی اس طرح رسالہ جامعہ اب اپنی اشاعت کے تیسرے دور میں داخل ہوا جو اپنے عنوانات اور اندراجات کی بدولت پچھلے دو ادوار سے بڑی حد تک مختلف ہے۔

پروفیسر صغرا مہدی

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں شعبۂ اردو کی سابق پروفیسر اردو کی معروف ادیبہ، فعال سماجی کارکن اور خواتین کے جائز حقوق کے لیے ہمہ وقت سینہ سپر پروفیسر صغرا مہدی کا رسالہ جامعہ سے تعلق بہت مختصر رہا۔ صغرا مہدی دسمبر ۱۹۸۸ء سے مئی ۱۹۹۰ء تک رسالے کی تدوین میں ڈاکٹر سید جمال الدین کی شریک رہیں۔ لیکن رسالہ جامعہ کی ادارت سے اپنی وابستگی کے دوران انھوں نے 'پریم چند کی یاد میں' کے نام سے رسالہ جامعہ کا ایک خاص نمبر مرتب کیا۔

پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی

رسالہ جامعہ کے مدیر پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی کی مدت ادارت سب سے طویل ہے۔ رسالہ جامعہ سے ان کا تعلق نومبر ۱۹۶۰ء میں رسالے کے دوسرے دور اشاعت سے اس وقت شروع ہوا جب وہ رسالے کی مجلس ادارت کے رکن بنائے گئے۔ رسالے کی ادارت کی ذمے داری ضیاء صاحب نے مئی ۱۹۶۴ء میں سنبھالی اور وہ نومبر ۱۹۸۸ء تک اس کے مدیر رہے۔ پچیس سال کے اس عرصے میں انھوں نے رسالے کے لیے تقریباً ڈھائی سو شذرات لکھے۔ شذرات کے علاوہ انھوں نے مضامین بھی لکھے جن کی تعداد ساٹھ سے زیادہ ہے۔ ضیاء صاحب نے مہینوں رسالہ جامعہ کے مستقل کالم 'حالات حاضرہ' کے تحت جائزہ پیش کیا اور کتابوں کی ایک بڑی تعداد پر تبصرہ بھی لکھا۔

ضیاء صاحب نے ابتدائی تعلیم اپنے وطن ٹانڈہ اور پھر فیض آباد میں پائی۔ انھوں نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ۱۹۴۸ء میں بی اے اور الہ آباد یونیورسٹی سے ۱۹۵۰ء میں ایم اے کے امتحانات پاس کیے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ملازمت کے دوران تعلیمی وظیفہ پر وہ

میک گل یونیورسٹی کناڈا گئے، جہاں سے اسلامک اسٹڈیز میں دوسرا، ایم اے کیا۔

ملازمت کی ابتداء ضیاء صاحب نے ۱۹۵۰ء میں مدینہ اخبار (بجنور) کے ایڈیٹوریل اسٹاف میں شریک ہوکر کی جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ملازمت سے سبک دوشی کے وقت وہ رسالہ جامعہ، اسلام اور عصر جدید اور اسلام اینڈ دی ماڈرن ایج (انگریزی) کے مدیر تھے۔ اس طرح پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی کا تصنیف و تالیف کا سفر بھی ڈاکٹر سید عابد حسین ہی کی طرح بحیثیت صحافی کے شروع ہوا، اور عابد حسین صاحب ہی کی طرح ۱۹۸۸ء میں جامعہ ملیہ کے تینوں رسائل کی ادارت سے سبکدوشی کی شکل میں تکمیل کو پہنچا، اگرچہ اس کے بعد انھوں نے شہید جستجو اور مولانا آزاد، ٹوورڈس فریڈم (انگریزی) مع اردو ترجمہ جیسی کتابیں بھی مکمل کیں۔

ضیاء صاحب بجنور سے غالباً ۱۹۵۲ء میں دہلی آئے اور جمعیتہ العلماء ہند کے انگریزی 'ہفت روزہ' دی مسیج کے مدیر ہوئے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ملازمت انھوں نے ۱۹۵۳ء میں جامعہ کالج کے ایک لکچرر کی حیثیت سے شروع کی۔ لکچرر سے کالج کے پرنسپل پھر جامعہ ملیہ میں ڈین، پروفیسر، قائم مقام شیخ الجامعہ اور اعزازی ڈائرکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز وغیرہ عہدوں پر خوش اسلوبی سے ذمے داریاں ادا کر کے ۱۹۸۸ء میں جامعہ ملیہ کی ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ ۱۹۹۱ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ضیاء صاحب دو سال کے لیے ذاکر حسین چیئر کے پروفیسر بھی مقرر ہوئے۔

اپنے دورِ ادارت میں ضیاء صاحب نے رسالہ جامعہ کو نئی سمت عطا کی۔ رسالے کے دور اول میں شذرات بڑی حد تک جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں کے خبر نامے ہوتے تھے۔ ضیاء صاحب نے شذرات کو علمی، ادبی، سیاسی اور ثقافتی موضوعات اور معروف افراد پر اظہار خیال کا ذریعہ بنایا۔ انھوں نے شذرات کے دائرۂ مضامین کو وسعت دے کر اس کے تحت تصوف، اخلاقیات، اسلام، ہندوستانی مسلمانوں کے تعلیمی و ثقافتی مسائل، اردو زبان و ادب، ملکی اور عالمی سیاسی مسائل جیسے موضوعات پر فکر انگیز اداریے لکھے۔ شذرات میں تعزیتی نوٹ کا دائرہ محض جامعہ ملیہ اور مسلمانوں تک محدود نہ رہ کر علمی دنیا تک پھیل گیا۔ انھوں نے سیمون دی بوا، سنیتی کمار چٹرجی، سارتر، عبدالحلیم محمود، پنڈت ہردے ناتھ کنزرو، سچد انند، وتسائن

اگیے، طٰہٰ حسین، گب اور ڈاکٹر تارا چند پر تعزیتی نوٹ لکھے۔

ضیاء صاحب کے دور ادارت سے پہلے رسالہ جامعہ کے صرف دو خاص نمبر ملتے ہیں، 'سالگرہ نمبر' اور 'جوبلی نمبر'۔ ضیاء صاحب نے 'غالب'، 'مہاتما گاندھی'، 'اقبال'، 'مولانا محمد علی'، 'ڈاکٹر مختار احمد انصاری'، 'پروفیسر محمد مجیب' اور 'مولانا اسلم جیر اجپوری' پر خصوصی نمبر مرتب کیے۔ ڈاکٹر سید عابد حسین کے انتقال کے بعد اکتوبر ۱۹۷۸ء سے ضیاء صاحب نے اسلام اور عصر جدید اور اسلام اینڈ دی ماڈرن ایج کی بھی ادارت کی ذمہ داری سنبھال لی۔ ۱۹۷۸ء سے ۱۹۸۸ء تک ضیاء صاحب بیک وقت تین رسالوں کے مدیر رہے۔ اردو صحافت کی تاریخ میں غالباً کوئی ایسی دوسری مثال نہیں ملتی۔ مدینہ اخبار کے زمانہ ملازمت سے ہی انھوں نے ہندوستان کے آزادی کے بعد کے بدلتے ہوئے منظر نامے کے پس منظر میں، مسلمانوں کے مقام اور ان کو درپیش مسائل کو اپنے غور وفکر کا مرکز بنایا تھا۔ رسالہ جامعہ میں انھوں نے مسلمانوں کے ملی تشخص کا مسئلہ، افکار آزاد کی معنویت ہندوستانی مسلمانوں کے لیے ہندوستانی مسلمان سیکولر ریاست جیسے موضوعات پر مضامین لکھے۔ ہندوستانی مسلمانوں کے مسائل کے ساتھ ساتھ تصوف، اسلام کا نظام تعلیم اور اسلام میں راسخ الاعتقادی وغیرہ چند دوسرے موضوعات ہیں جن پر انھوں نے اپنے مضامین میں اظہار خیال کیا ہے۔ انھوں نے حضرت جنید بغدادی پر ایک کتاب مکمل کی اور ملفوظات حضرت نظام الدین اولیاء فوائد الفواد کو انگریزی کا جامہ پہنایا۔ ان کی شہید جستجو کے نام سے لکھی گئی ڈاکٹر ذاکر حسین کی سوانح عمری اردو کے سوانحی ادب میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

مولانا آزاد، ضیاء صاحب کے مطالعے کا موضوع ان کے زمانۂ طالب علمی سے ہی رہے ہیں۔ مولانا آزاد سے ملاقات کا شرف انہیں ۱۹۵۱ء میں حاصل ہوا جب مدینہ اخبار کے نمائندے کی حیثیت سے انھوں نے مولانا آزاد سے انٹرویو کیا تھا۔ انٹرویو کو بنیاد بنا کر انھوں نے مدینہ اخبار میں 'خانقاہِ عظمت اسلام' کے عنوان سے اداریہ لکھا۔ کچھ عجب اتفاق ہے کہ ضیاء صاحب کی زندگی کی آخری تصنیف انگریزی میں مولانا ابو الکلام آزاد کی سوانح عمری کا حصہ اول ہے۔ ضیاء صاحب نے انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ بھی مکمل کر لیا تھا۔ لیکن ابھی انگریزی کتاب چھپ کر باہر نہیں آئی تھی کہ اجل آگئی اور ۳۱ جولائی ۱۹۹۶ء کی شب ضیاء صاحب ابدی نیند سو گئے۔

ڈاکٹر سید عابد حسین

ڈاکٹر سید عابد حسین کا شمار ڈاکٹر ذاکر حسین اور پروفیسر محمد مجیب کے ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ارکان ثلاثہ میں ہوتا ہے۔ وہ ۱۹۲۶ء میں ذاکر صاحب اور مجیب صاحب کے ساتھ جرمنی سے جامعہ ملیہ اسلامیہ آئے اور ۱۳ دسمبر ۱۹۷۸ء کو اپنی زندگی کے تراسی سال پورے کر کے جامعہ کی بستی میں ہی ابدی نیند ہوگئے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ڈاکٹر سید عابد حسین کا تعلق گہرا اور کئی حیثیتوں سے رہا۔ شیخ الجامعہ بھی رہے، پروفیسر بھی رہے۔ انھوں نے منتظم مشیر اور مدیر رسالہ کی حیثیت سے بھی جامعہ ملیہ اسلامیہ کی خدمت کی۔ جامعہ ملیہ سے باہر بھی علم و ادب کے ممتاز اداروں نے ان سے کسب فیض کیا۔ ان میں خاص طور پر قابل ذکر انجمن ترقی اردو ہند، ساہتیہ اکیڈمی، آل انڈیا ریڈیو اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ہیں۔ انھوں نے مولوی عبدالحق کے ساتھ انگلش اردو ڈکشنری مرتب کی اور حکومت ہند کی سرکاری زبان کمیشن کے رکن بھی رہے۔

عابد صاحب کے بزرگوں کا وطن دائی پور (قنوج) ہے لیکن ان کی پیدائش اور پرورش بھوپال میں ہوئی جہاں ان کے دادا اور والد ملازمت کے سلسلے سے مقیم تھے۔ بچپن اور ابتدائی تعلیم کے دن بھوپال میں گزارے۔ بھوپال سے ہائی اسکول پاس کرنے کے بعد مزید تعلیم کے لیے میو کالج الہ آباد میں داخلہ لیا۔ الہ آباد یونیورسٹی سے بی اے درجہ اول میں پاس کر کے انگریزی میں ایم اے کرنے کی غرض سے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پہنچے لیکن حالات کو ناسازگار پا کر دوبارہ الہ آباد یونیورسٹی واپس آئے اور پھر ۱۹۲۱ء میں انگلستان جا کر آکسفورڈ یونیورسٹی میں داخل ہوئے۔ جب وہاں بھی حالات موافق نہیں نظر آئے تو جرمنی پہنچے۔ جرمنی میں برلن یونیورسٹی سے تعلیم کے موضوع پر مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی سند لی۔ جرمنی میں ڈاکٹر ذاکر حسین اور پروفیسر محمد مجیب کی رفاقت ملی۔ یہاں دورانِ تعلیم ان تینوں نوجوانوں کی ملاقات ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور حکیم اجمل خاں سے ہوئی جو یورپ کے دورے پر گئے ہوئے تھے۔ تینوں اصحاب نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خدمت کرنے کا وعدہ کیا۔ جرمنی میں عابد صاحب نے پردۂ غفلت نامی ڈرامہ لکھا اور کاویانی پریس، برلن سے دیوان غالب شائع کرنے میں ڈاکٹر ذاکر حسین کے شریک رہے۔ جامعہ کے یہ ارکان ثلاثہ جرمنی سے ۱۹۲۶ء میں جامعہ ملیہ آئے۔ رسالہ جامعہ کی ادارت میں عابد صاحب کی شرکت ان کے ۱۹۲۶ء میں جرمنی سے واپس آنے کے فوراً بعد سے ہی شروع ہوگئی جب وہ مولانا اسلم جیراجپوری کے ساتھ

رسالے کے شریک مدیر بنائے گئے۔ ان کا رسالے سے یہ تعلق ۱۹۳۸ء تک قائم رہا۔ اس تمام عرصے میں کبھی پروفیسر محمد عاقل ان کے معاون رہے کبھی انھوں نے تنہا یہ خدمت انجام دی۔ تقریباً آٹھ سال کے وقفے کے بعد فروری ۱۹۴۷ء میں ایک پھر انھوں نے یہ ذمہ داری سنبھالی، لیکن ۱۹۴۷ء کے روح فرسا حالات کے تحت اگست ۱۹۴۷ء سے رسالے کی اشاعت بند کردی گئی۔ رسالے کی اشاعت کا پہلا دور ختم ہوا، اور اسی کے ساتھ عابد صاحب کا رسالے سے بحیثیت مدیر تعلق بھی ختم ہوگیا۔ ان دنوں رسالہ جامعہ کی اشاعت کی ذمہ داری 'اردو اکادمی' پر تھی اور عابد صاحب 'اردو اکادمی' کے بھی روح رواں تھے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ابتدائی دنوں میں اسے قائم رکھنے اور اس کے منصوبوں پر عمل کرنے کے سلسلے میں جامعہ کے بزرگوں نے کیسی کیسی پریشانیوں کا سامنا کیا اور کس طرح اپنے رفقاء کی ہمت بندھائے رکھی اس کی واضح جھلک عابد صاحب کے شذرات میں ملتی ہے۔ چند معروف عصری جرائد اکثر اپنے اداریوں یا نوٹ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بزرگوں کے اسلامی عقائد اور رسالہ جامعہ میں شائع مضامین میں اسلامی تعلیمات سے انحراف وغیرہ موضوعات پر سخت تنقید لکھتے لیکن عابد صاحب ان سب کا مدلل جواب نہایت شگفتہ انداز میں دیتے تھے۔

ادارتی ذمہ داریوں اور اکادمی کے کاموں کی دیکھ بھال کے ساتھ عابد صاحب کا مضامین لکھنے اور ترجمہ کرنے کا کام بھی جاری رہا۔ رسالہ جامعہ میں تعلیم، ادب، تاریخ، مذہب اور فلسفہ جیسے موضوعات پر ان کے تقریباً چالیس مضامین ہیں۔ ۱۹۲۶ء میں عابد صاحب نے 'مسلمانوں کی تعلیم' اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عنوان سے رسالے کے پانچ شماروں میں شائع ایک مفصل مضمون لکھا۔ اس مضمون کے ذریعہ انھوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تعلیمی مقاصد کی وضاحت کی ہے۔

عابد صاحب شاعری کا بھی ذوق رکھتے تھے اور بقول مالک رام صاحب اپنے طالب علمی کے دور میں اپنے ایک فارسی قطعہ پر اکبر الہ آبادی مرحوم سے داد تحسین حاصل کر چکے تھے۔ لیکن علمی کاموں کی لگن شاعری کے شوق پر غالب رہی۔ رسالہ جامعہ میں ان کے کلام کے سولہ نمونے ملتے ہیں۔ اسی طرح انھوں نے افسانے بھی لکھے ہیں۔

ڈاکٹر سید عابد حسین معلم، مفکر، منتظم اور مدیر ہونے کے ساتھ ایک صاحب طرز مصنف اور مترجم بھی تھے۔ ان کے تراجم کی فہرست لمبی ہے۔ انھوں نے نفسیات عنوان شباب (ایڈورڈ اشپرنگر)، تنقید عقل محض (کانٹ)، مکالمات افلاطون (افلاطون)، تلاش حق (مہاتما

گاندھی) اور تلاش ھند (جواہرلال نہرو) جیسی کتابیں جرمن اور انگریزی زبانوں سے اردو میں ترجمہ کیں۔ قومی تہذیب کا مسئلہ اور ھندوستانی مسلمان آئینہ ایام میں جیسی کتابیں لکھیں۔ اپنے تراجم اور تصانیف کے ذریعہ جامعہ کی روایت کے مطابق انھوں نے اردو کو ایک علمی زبان بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ ان کے طرز تحریر کے بارے میں خواجہ غلام السیدین لکھتے ہیں:

'خواہ وہ تصنیف کریں یا ترجمہ اس میں نہ صرف عالم کی پختگی اور وضاحت خیال ہوتی ہے بلکہ ایک باکمال ادیب کی تراش خراش اور آب وتاب بھی۔'

عابدحسین صاحب ایک دردمند دل لے کرآئے تھے۔ انھوں نے اپنی تمام عمر اپنے مضامین اور اپنی کتابوں کے ذریعے قوم کو اس کی فلاح و بہبود کا ادراک کرانے اور اس کی مشکلات کا امکانی حل پیش کرنے میں صرف کی۔ آزادی کے فوراً بعد کے دور میں، جب مسلمان مایوسی اور ذہنی پراگندگی کے دور سے گزر رہے تھے، عابد صاحب نے اپنی ادارت میں ایک 'ہفت روزہ' اخبار نئی روشنی کے نام سے شائع کرنا شروع کیا۔ خود اپنے اور دوسرے صحیح الفکر مسلمانوں کے مضامین کے ذریعے انھوں نے قوم میں خوداعتمادی پیدا کرنے اور تعمیری ذہن رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اپنی زندگی کے آخری دور میں جب اکثر لوگ اپنے گزرے ہوئے دور کے واقعات کی کھتونی میں لگ جاتے ہیں ڈاکٹر سید عابدحسین نے اسلام اینڈدی مارڈن ایج سوسائٹی قائم کی، سوسائٹی کا مقصد جدید دور کے تقاضوں کے پس منظر میں اسلام کے بنیادی اصولوں کی تفہیم وترغیب تھا۔ انھوں نے سوسائٹی کی جانب سے اسلام اور عصر جدید (اردو) اور اسلام اینڈدی مارڈن ایج (انگریزی) دوسہ ماہی رسالے شائع کرنا شروع کیے۔ عابد صاحب کی عملی زندگی کی ابتدا مسلم ہوسٹل الہٰ باد کے میگزین کے طالب علم مدیر کی حیثیت سے شروع ہوئی تھی، مذکورہ بالا دونوں رسائل کے ایڈیٹر کی حیثیت سے ۱۳ دسمبر ۱۹۷۸ء میں اختتام کو پہنچی اور ملک کا یہ بہی خواہ ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگیا۔

پروفیسر محمد عاقل

رسالہ جامعہ کے مدیر کی حیثیت سے عاقل صاحب کا تعلق پروفیسر عابد حسین اور پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی صاحب کے بعد سب سے زیادہ طویل عرصے کا رہا ہے۔ وہ یکم اپریل ۱۹۳۴ء کو جامعہ آئے اور جامعہ کے حیاتی رکن بن گئے۔ ۱۹۳۵ء میں عابد حسین صاحب کے ساتھ رسالہ جامعہ کے معاون مدیر ہوئے اور ادارت سے تعلق کا یہ سلسلہ ۱۹۴۷ء تک تقریباً

تیرہ برس قائم رہا۔ اس عرصے میں عابد حسین صاحب کی عدم موجودگی میں انھوں نے تنہا بھی ادارت کی ذمے داری سنھالی۔ یہی نہیں بلکہ اکثر حالات میں پورے کا پورا شمارہ اپنی تحریروں سے مکمل کیا۔

عاقل صاحب نے علی گڑھ سے ایم۔ اے (معاشیات) میں سندلی اور جامعہ ملیہ آگئے (۱) اور زندگی کے پچیس سال مختلف حیثیتوں سے جامعہ میں گزار کر جنوری ۱۹۶۲ء میں ملازمت سے استعفا دے کر اپنے وطن سہار نپور چلے گئے۔ سہار نپور میں رہ کر انھوں نے کبھی پلاننگ کمیشن میں ملازمت کے لیے ترلوک سنگھ کی مدد چاہی، کبھی دہلی یونیوسٹی میں پروفیسر پی این گنگولی کے ساتھ کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا لیکن جو تعلق جامعہ اور جامعہ والوں سے قائم ہوگیا تھا اس کی کشش انھیں ۱۹۷۰ء کے دہے کے وسط میں دوبارہ جامعہ لائی۔ اس بار وہ سہار نپور میں اپنی کشتی جلا کر آئے۔ مکان فروخت کر دیا، کتابیں جو ان کا کل اثاثہ تھیں ایک ٹرک میں بھروائیں اور جامعہ آکر جامعہ کے مہمان خانہ میں مقیم ہوگئے۔ زندگی کے بقیہ دن جامعہ نگر میں گزار کر جہاں اب وہ ماضی کی جامعہ کی ایک قدیم یادگار کی حیثیت اختیار کر چکے تھے ۱۹۹۵ء میں انتقال سے چند ماہ پہلے علی گڑھ اپنے ایک عزیز کے پاس گئے اور وہیں ان کی مٹی عزیز ہوگئی۔

رسالہ جامعہ میں ان کے تقریباً ساٹھ مضامین شائع ہوئے ہیں۔ موضوع کے اعتبار سے یہ مضامین معاشیات، سماجیات، تاریخ کے علاوہ ادب اور تعلیم پر بھی ہیں۔ ان کے چند مضامین ان کے نام کے بغیر بھی شائع ہوئے ہیں۔ ان کی پہلی نگارش آل انڈیا مسلم ایجوکیشن کانفرس کی کتاب مسلمانوں کے افلاس کا علاج پر تبصرہ ہے جو جولائی ۱۹۳۴ء کے شمارے میں شائع ہوا۔ انھوں نے 'انوکھا ظلم' کے نام سے ترکی انشاء پرداز عمر سیف الدین کے ایک افسانے کا ترجمہ بھی کیا جو اپریل کے شمارے میں شائع ہوا۔

عاقل صاحب پہلے ماہر معاشیات ہیں جنھوں نے مسلمانوں کی مختلف برادریوں کا سماجی و معاشی جائزہ اردو زبان میں لکھا۔ انھوں نے سہار نپور کی مختلف برادریوں کے علاوہ دہلی کی لاہوری اور پنجابی برادری پر بھی مضامین لکھے۔ انجمن ترقی اردو کی فرمائش پر انھوں نے (چیز) کی کتاب کا ترجمہ آدمی اور مشین کے نام سے کیا۔ جامعہ عثمانیہ کے لیے انھوں نے برگس اور جارڈن

(۱) کچھ عرصے بریلی میں سرکاری دفتر اور پھر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ملازمت کے بعد جامعہ آئے۔

کی کتاب کا ترجمہ معاشی تاریخ کے نام سے کیا۔ اس کے علاوہ ان کی چند دوسری کتابیں جامعہ ملیہ میں اجتماعی زندگی کی ابتداء، سیاسیات کی پہلی کتاب، آبادی کا مسئلہ اور ہندوستان کا قرض ہیں۔ عاقل صاحب نے گھریلو صنعتوں کا جائزہ بھی لیا۔ ان کا ایک مضمون 'علی گڑھ کی تالے اور لوہے کی صنعت' کے عنوان سے ہے۔

جامعہ ملیہ میں تعلیم و تعلم کے ساتھ پروفیسر محمد عاقل نے کئی انتظامی ذمے داریاں بھی سنبھالیں۔ وہ عرصے تک کتب خانہ جامعہ ملیہ کے اعزازی لائبریرین رہے اور کتب خانے سے استفادے میں سہولت کے لیے ایک کتاب رہنمائے کتب خانہ مرتب کی جس میں نہ صرف جامعہ کے کتب خانے کی ابتدائی تاریخ ہے بلکہ اس کے وسائل کا ایک سرسری جائزہ اور مقامی طور پر درجہ بندی کے لیے ڈیوی اسکیم میں کی گئی ترمیم بھی دی گئی ہے۔ ۱۹۵۰ء میں جب حکومت نے جامعہ ملیہ کو ایک زرعی یونیورسٹی بنانے کی تجویز رکھی تو اسے عملی جامہ پہنانے کے لیے عاقل صاحب کو انگلستان بھیجا گیا جہاں انھوں نے آکسفورڈ یونیورسٹی میں زرعی معاشیات کے معروف ماہر پروفیسر ایش بی (Ashby) کی رہنمائی میں زرعی معاشیات کا مطالعہ کیا۔ انگلستان سے واپسی پر وہ شعبہ معاشیات زرعی و اجتماعیات دیہی کے ڈائرکٹر بنائے گئے۔ شعبے کی نگرانی میں جامعہ میں زراعت پر عملی تحقیق کے لیے سبزی اگانے کا تجربہ کیا گیا اور عاقل صاحب نے سبزی کی کاشت پر دو کتابیں مرتب کرائیں۔

اپنی طبیعت کے اعتبار سے عاقل صاحب ایک آزاد منش انسان تھے اور ہر ایک سے اسی مزاج کی توقع رکھتے تھے۔ غالباً علی گڑھ میں دوران تعلیم انھوں نے جامعہ ملیہ کے آزاد ماحول کے بارے میں سن رکھا تھا اس لیے تعلیم مکمل کر کے جامعہ آگئے۔ اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں: 'جائز و ناجائز تنقید اور محاسبہ کی جس قدر آزادی جامعہ ملیہ میں ہے مشکل ہی سے کسی دوسرے ادارے میں ہوگی۔ تنقید سے کوئی شخص شیخ الجامعہ سے چپراسی تک کوئی بچا ہوا نہیں ہے...... جامعہ آزاد لوگوں کی جماعت ہے۔' (جامعہ جوبلی نمبر)۔ آزادی کے اس جذبے کی زد ان کی طبیعت پر ایسی پڑی کہ مزاج سے ٹھہراؤ ہمیشہ کے لیے رخصت ہو گیا۔ جس تیزی سے کوئی فیصلہ کرتے اسی رفتار سے اسے بدل بھی دیتے تھے لیکن اعصاب مضبوط تھے۔ ناگواری کا اظہار بھی غالب کے اشعار کی مدد سے کرتے تھے۔ جب جامعہ آئے تھے تو جامعہ کے ماحول پر ذاکر

صاحب کے مزاج کا پر تو بدلے ہوئے ماحول سے ہم آہنگ کرنے میں بے چینی محسوس کرتے تھے۔ ملک کے سیاسی قائدین جو جامعہ کے حامی اور معین رہ چکے تھے اب نئے دور کے ارباب اقتدار بن چکے تھے اور ان کے اور جامعہ کے درمیان کے رشتے اپنی پائیداری کھوتے ہوئے نظر آرہے تھے۔ اب ان قائدین کے سامنے جامعہ کو ساتھ لے کر جدوجہد کرنے کی جگہ پورے ملک کی تعمیر نو کے مسائل تھے۔ دوسری طرف جامعہ کی ملک کی آزادی کی خاطر اپنی قربانیاں تھیں۔ لیکن جامعہ کے بزرگ اس کی قیمت طلب کرنے کے بجائے دوسروں میں اس احساس کے پیدا ہونے کے متوقع تھے۔ اس پاس وضع نے جامعہ کے مستقبل کے لیے مسائل کھڑے کردیے تھے لیکن ان پیچیدگیوں کا ادراک ہر یک کے بس کی بات نہیں تھی۔ خود عاقل صاحب نے بھی اپنے کو متزلزل پایا، جو مکان جامعہ میں بنایا تھا اسے فروخت کردیا پھر اسے واپس لینا چاہا۔ جامعہ سے استعفیٰ دے کر پھر واپس لے لیا۔ جامعہ میں دبی دبی سی گروہ بندی شروع ہوگئی تھی جس میں ایک گروہ کے سرخیل عاقل صاحب بھی تھے۔ آخر یہاں کے حالات کو ناسازگار دیکھ کر ہی جنوری ۱۹۶۲ء میں جامعہ کو خیر باد کہا تھا اور سہارنپور واپس چلے گئے تھے۔ اپنی ذہنی تکلیفوں کا اظہار ذاکر صاحب سے کرتے تھے اور اکثر جوابی خطوط میں ذاکر صاحب نے ان کے لیے کسی دوسرے ادارے میں ملازمت کی کوشش کا ذکر کیا ہے۔ ذاکر صاحب ان کی دلجوئی بھی کرتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں: 'عاقل صاحب دکھ اسی لیے ہوتے ہیں کہ انھیں سہا جائے'۔

عاقل صاحب کمیونسٹ تحریک سے شروع ہی سے متاثر تھے۔ انھیں سوویت یونین کی ہر چیز پسند تھی۔ انھوں نے سوویت کا سفر بھی کیا تھا۔ ایمرجنسی کے دوران جب بائیں بازو کے کچھ افراد گرفتار ہوئے تو ان میں عاقل صاحب بھی تھے۔ جیل کے معمولات جہاں دوسروں کے لیے باعث پریشانی تھے عاقل صاحب اس ماحول میں بھی نہایت سکون سے رہے۔ انھوں نے اپنی ضرورتوں کو اتنا مختصر کرلیا تھا کہ اب حوالات کی چہار دیواری اس کو مزید مختصر کرنے میں خود کو معذور پاتی تھی۔ حوالات میں کھانے کے لیے دلیہ ملتا تھا جس کے جملہ سیاسی قیدی شاکی تھے لیکن دلیہ تو عاقل صاحب کی برسوں سے مرغوب غذا بن چکی تھی۔ جامعہ کی زندگی میں عاقل صاحب کو کبھی رکشے پر آتے جاتے نہیں دیکھا گیا، وہ اوکھلا، جامعہ نگر، بٹلہ ہاؤس، ذاکر نگر جملہ بستیوں میں اپنے ملاقاتیوں کے گھر پابندی سے جاتے تھے لیکن ہمیشہ پیدل چلتے ہوئے دیکھے گئے۔

رسالہ جامعہ کا ایک مقصد اردو زبان کو علمی زبان کی حیثیت سے فروغ دینا تھا۔ عاقل صاحب نے معاشیات اور سماجیات کے موضوعات پر اردو میں مضامین اور کتابیں لکھیں اور ترجمے کیے۔ دوران جنگ ملک کے سیاسی و معاشی حالات پر جائزے پیش کیے۔ اس طرح عاقل صاحب کا شمار اردو زبان کے ان مصنفین میں ہوگا جنھوں نے سماجی علوم پر مضامین اور کتابیں لکھ کر اسے خالص ادبی زبان کی جگہ علمی زبان بنانے میں قابل ذکر رول ادا کیا ہے۔

پروفیسر عبدالعلیم

رسالہ جامعہ کے مدیروں میں پروفیسر عبدالعلیم کا دور مختصر ترین تھا۔ وہ ۱۹۳۴ء کی مجلس ادارت کے ایک رکن تھے اور یہ مجلس ادارت رسالہ جامعہ کو نئے طور پر مرتب کرنے کے لیے تشکیل دی گئی تھی جس کے مطابق رسالے کے بارہ شماروں کو اسلامیات، اجتماعیات اور ادبیات پر تقسیم کیا گیا اور ہر ایک موضوع پر چار شمارے شائع کرنا قرار پایا۔ جامعہ کی اشاعت کا یہ تجربہ ایک جلد کے ساتھ ہی ختم ہوگیا اور پروفیسر عبدالعلیم مجلس ادارت کی رکنیت سے سبکدوش ہوئے۔

پروفیسر عبدالعلیم ۵/دسمبر ۱۹۰۷ء کو غازی پور کے موضع بیر گنج میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد عبدالعظیم صاحب پیشے کے اعتبار سے وکیل تھے۔ عبدالعلیم صاحب نے ابتدائی تعلیم غازی پور کے مدرسہ چشمۂ رحمت میں پائی۔ بلیا سے ہائی اسکول پاس کرکے والد صاحب کی رائے کے برخلاف علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں داخلہ نہ لے کر جامعہ ملیہ آئے جہاں سے بی اے کی سند لے کر ۱۹۲۹ء میں جرمنی پہنچے اور برلن یونیورسٹی سے تاریخ عقیدہ اعجاز القران کے موضوع پر مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی سند لی۔ ہندستان واپس آکر جامعہ میں اردو اکیڈمی کے فیلو ہوئے لیکن کچھ ہی دنوں بعد پہلے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اور پھر لکھنؤ یونیورسٹی چلے گئے۔ ۱۹۵۰ء میں دوبارہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی بحیثیت ریڈر اور صدر شعبہ عربی بلائے گئے جہاں ریڈر سے پروفیسر، بانی و ڈائرکٹر انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز اور پھر وائس چانسلر بنے۔ اسی دوران انڈین اسکول آف انٹرنیشنل اسٹڈیز کے شعبے برائے ویسٹ ایشین اسٹڈیز دہلی میں وزیٹنگ پروفیسر بھی رہے۔ وائس چانسلر کی مدت پوری کیے بغیر علی گڑھ سے مستعفی ہوکر دہلی چلے آئے جہاں ترقی اردو بورڈ کے چیئرمین متعین ہوئے۔ اسی حیثیت میں دہلی میں فروری ۱۹۷۶ء میں انتقال فرما گئے۔

پروفیسر عبدالعلیم کا تصنیفی کارنامہ تو بہت مختصر ہے لیکن ان کی علمی شخصیت کا پرتو ترقی پسند

ادب کی تحریک اور ہندوستانی علوم اسلامی کے مطالعے پر بہت گہرا پڑا۔ وہ بولنے سے زیادہ سننا پسند کرتے تھے اور ہر مسئلے پر جو ان کے سامنے پیش ہوتا تھا نہایت صائب رائے پیش کرتے تھے۔ ایک روایت کے مطابق ڈاکٹر ذاکر حسین اپنے علی گڑھ کے زمانہ وائس چانسلری میں عبدالعلیم صاحب کی رائے پر بہت اعتماد کرتے تھے۔ عبدالعلیم صاحب انجمن ترقی پسند مصنفین کے بانیوں میں سے تھے اور برسوں اس کے روحِ رواں رہے۔

اردو ادب کے رجحانات پر ایک نظر، عقیدہ اعجاز القرآن کی تاریخ، سیرت نبوی اور مستشرقین یہی ان کا تصنیفی سرمایہ ہے۔ لیکن اپنی فہم وفراست اور ژرف بنی سے انھوں نے ایک پوری ادبی تحریک کے سمت کو متعین کرنے کا رول ادا کیا۔ سجاد ظہیر نے اپنی کتاب روشنائی میں ان کی شخصیت کا خاکہ ان الفاظ میں کھینچا ہے: 'ان کی اپنی ذات میں شرعی تعلیم، علی گڑھ یونیورسٹی، جامعہ ملیہ اور جرمن تربیت کا ایک میل ہوا ہے۔ ان کے منطقی ذہن میں سیاسی اور ادبی ترقی پسندی نے اس طرح جگہ بنالی ہے جیسے عربی مصادر کی گردانوں نے۔ ان کی وسیع المشربی میں ایک دلکش سخت گیری ہے اور ان کی آزادخیالی اور جدید سائنسی فکر قومی روایات کے مضبوط اور چمکدار چوکھٹے سے گھری ہوئی معلوم ہوتی ہے'۔

عبداللطیف اعظمی

عبداللطیف اعظمی صاحب جامعہ رسالے کے مدیر کبھی نہیں رہے۔ مدیر معاون بھی وہ بہت عرصے بعد بنائے گئے۔ لیکن ان کے ذکر کے بغیر مدیران جامعہ کے سوانحی خاکوں کا یہ حصہ نامکمل سا رہے گا۔ رسالے سے ان کا تعلق بحیثیت طابع و ناشر، نومبر ۱۹۶۰ء میں اس کی اشاعت کے دوسرے دور سے شروع ہوتا ہے۔ رسالہ جامعہ کے مضمون نگاروں کی صف میں وہ دسمبر ۱۹۳۸ء میں ہی اپنے مضمون علی گڑھ، ندوۃ العلماء اور جامعہ عثمانیہ کی اشاعت کی بدولت شامل ہو چکے تھے۔ اگست ۱۹۶۲ء میں انہیں رسالے کا مُرتّب بھی لکھا گیا۔ اس وقت تک بحیثیت مدیر کسی کا نام نہیں شائع ہوتا تھا۔ ۱۹۶۴ء میں پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی مدیر جامعہ بنائے گئے۔ کچھ عرصے بعد عبداللطیف اعظمی صاحب کے نام کے ساتھ مدیر معاون لکھا جانے لگا۔ دسمبر ۱۹۸۸ء میں جب رسالے کی ادارت ڈاکٹر جمال الدین کے حصے میں آئی تو اعظمی صاحب مشیر بنائے گئے اور پھر ستمبر ۱۹۸۹ء سے رکن مجلس مشاورت ہو گئے۔ یہ تعلق

زندگی کے آخری دم تک قائم رہا۔ لیکن رسالہ جامعہ کے سلسلے میں اعظمی صاحب کی شخصیت کی اہمیت کا اندازہ ان کی دستوری حیثیت سے لگانا صحیح نہیں ہوگا۔

۱۹۴۷ء کے قیامت خیز ہنگامے میں جامعہ ملیہ کو بھی بڑا نقصان اٹھانا پڑا۔ قرولباغ میں واقع جامعہ ملیہ کے مرکزی دفاتر فساد کی زد میں آگئے۔ جامعہ ملیہ کا کتب خانہ، مکتبہ جامعہ کی کتابیں اور دوسرے سامان لوٹ مار اور آتش زدگی کا شکار ہوگئے۔ جامعہ ملیہ نہ تو کسی ریاستی حکومت کے قانون کے تحت قائم ہوئی تھی اور نہ مرکزی حکومت کے کسی قانون کے تحت اس کے مالی وسائل کا انحصار قوم کے جذبے اور دو ایک دیسی ریاستوں کی مالی اعانت پر تھا۔ اب صورت حال یہ تھی کہ قوم کا وہ نظم جس سے مالی وسائل فراہم ہوتے تھے بکھر چکا تھا۔ برصغیر کی سرحدیں سیاسی انقلاب کی بدولت ایک بار پھر تبدیلی سے ہمکنار ہوگئی تھیں۔ جامعہ اسٹاف کی کئی اہم شخصیتیں اب اپنے آبائی وطن کو ایک دوسرے ملک میں دیکھ رہی تھیں اور وطن کی محبت میں جامعہ کو خیر باد کہنے پر مجبور تھیں۔ اس کے نتیجے میں جامعہ ملیہ کے مالی اور انسانی دونوں ہی وسائل اس حد تک متاثر ہوئے کہ عرصے تک رسالے کو دوبارہ جاری کرنا ممکن نہ ہوسکا۔

نومبر ۱۹۶۰ء میں رسالہ جامعہ کی دوبارہ اشاعت ایک غیبی امداد کی رہین منت ہے۔ جس کی پوری تفصیل عبداللطیف اعظمی صاحب نے رسالہ جامعہ کے اکتوبر ۱۹۷۹ء کے شمارے میں اپنے ایک مضمون میں دی ہے۔ یہ غیبی امداد ایسی بابرکت ثابت ہوئی کہ رسالے کی اشاعت آج بھی نہ صرف جاری ہے بلکہ علمی اور ادبی رسائل میں یہ رسالہ ایک ممتاز مقام حاصل کر چکا ہے۔

رسالہ جامعہ کی اشاعت کے دور ثانی میں عبداللطیف اعظمی صاحب نے رسالے کی اشاعت کی ذمہ داری کچھ اس طرح سنبھالی کہ مدیر جامعہ کی عدم موجودگی بھی رسالے کی بروقت اشاعت میں کبھی حارج نہیں ہوئی۔ انھوں نے اشاعتی ذمے داریوں کے ساتھ ساتھ رسالے میں کوائف جامعہ بھی لکھے۔ کتابوں پر تبصرے بھی کیے اور جب کبھی مدیر کی مصروفیت کی بنا پر شذرات نہ لکھا جاسکا تو اعظمی صاحب نے شذرات بھی لکھے۔ اشاعت کے لیے موصول دوسروں کے مضامین میں بھی اگر کوئی وضاحت طلب بات ہوتی تو اپنے نوٹ کے ذریعے اس کمی کو بھی پورا کردیتے تھے۔ اگر کسی قاری نے کسی مضمون میں کسی خامی یا حقائق کی غلطی کے سلسلے میں کوئی مراسلہ لکھا تو اصل مصنف سے پہلے خود اعظمی صاحب مراسلہ نگار سے''

بھڑ جانے" سے بھی دریغ نہیں کرتے تھے۔ بحثا بحثی کا ہنر انھوں نے اپنی تعلیم کے دور اوّل میں مدرستہ الاصلاح اور ندوہ میں اچھی طرح سیکھ لیا تھا۔ علمی بحث میں وہ کسی سے ان کی حیثیت کی بنا پر مرعوب ہونا نہیں جانتے تھے۔ موضوع بحث کسی لفظ کا کوئی لسانی پہلو ہو یا بات تاریخی حقائق کی ہو۔ کسی شعر کا مفہوم زیر بحث ہو یا اس کا وزن، عبداللطیف اعظمی ہر میدان کے مرد تھے۔ اپنے اوپر کی گئی تنقید کو نہایت صبر سے سنتے تھے اگر چہ جوابی وار کیے بغیر نہیں رہتے تھے۔ لیکن جوابی وار کے دوران چہرے کی مسکراہٹ فریق ثانی کو یہ احساس کرائے بغیر نہ رہتی تھی کہ " معرکہ سخت ہے "۔ عبداللطیف اعظمی صاحب نے رسالے کے لیے سو سے زیادہ مضامین لکھے۔ ان میں کچھ ترجے بھی ہیں، ذاکر صاحب اور اسلم جیراجپوری کے مضامین اور کتابوں کی فہرستیں ہیں، ان لوگوں کی نیز پروفیسر آل احمد سرور اور پروفیسر مشیر الحق مرحوم کی زندگی سے متعلق اہم تاریخیں ہیں۔ اعظمی صاحب متعدد کتابوں کے مصنف و مرتب ہیں۔ ہندوستانی اردو مصنفین کی ایک ڈائرکٹری انھوں نے بڑی محنت سے مرتب کی تھی جو دہلی اردو اکادمی (دہلی) نے شائع کی ہے۔ عبداللطیف اعظمی صاحب عابد صاحب کے اخبار نئی روشنی کی مجلس ادارت میں بھی شریک رہے ہیں اور انجمن ترقی اردو، دہلی شاخ کے رسالہ صبح کے مدیر معاون بھی رہے۔ جب تک صحت نے ساتھ دیا، دہلی کی علمی یا ادبی محفل میں چاہے وہ جمنا کے اس پار ہو یا اس پار شریک ہوئے بغیر نہیں رہتے تھے اور شرکت محض برائے نام نہیں، بھر پور ہوتی تھی۔

۱۹۱۷ء میں اعظم گڑھ کے ایک نو مسلم خاندان میں پیدا ہوئے۔ عبداللطیف اعظمی صاحب نے اسکولی تعلیم مدرسہ الاصلاح، اعظم گڑھ اور دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں حاصل کی۔ ۱۹۳۶ء میں جامعہ آئے جہاں سے بی اے کی سند اول درجے میں حاصل کی۔ طالب علمی کے زمانے میں جامعہ کے قلمی رسالے جوہر کے ایڈیٹر رہے اور مولوی عبدالحق پر رسالے کا ایک خاص نمبر مرتب کیا۔ بی اے کے بعد ہی وہ جامعہ میں ملازم ہو گئے۔ جہاں مدرسہ میں اتالیق رہے، مکتبہ جامعہ اور کتب خانہ میں کام کیا اور پھر مرکزی دفاتر میں شیخ الجامعہ کے دفتر میں تقرری ہوئی جہاں سے بحیثیت سکریٹری شیخ الجامعہ ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ دوران ملازمت علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے اردو میں ایم اے بھی کرلیا۔ جہاں رہے اپنا کام نہایت فرض شناسی کے ساتھ انجام دیا۔ چنانچہ بحیثیت سکریٹری شیخ الجامعہ پہلے مجیب صاحب اور پھر مسعود حسین

خاں صاحب کے گرد ایسا آہنی حصار کھینچ رکھا تھا کہ بیشتر کم ہمت افراد شیخ الجامعہ سے ان کے دفتر میں ملنے کا خیال دل سے نکال دیتے تھے۔ لیکن ان کا یہ بانک پن محض دفتر تک محدود تھا۔ مزاج کی درشتگی کا یہ انداز دفتر سے باہر شگفتگی کے انداز میں بدل جاتا تھا۔ علم و ادب کی دنیا کے لوگ بھی برتری بر بنائے عہدہ کے عیب سے مبرا نہیں۔ اعظمی صاحب عہدے کے اعتبار سے انتظامیہ کے فرد تھے، غالباً اسی لیے علمی حلقوں میں ان کی وہ پزیرائی نہیں ہوئی جس کے وہ بجا طور پر مستحق تھے۔ انھیں بھی اس کا بخوبی احساس تھا لیکن ساتھ ہی انھیں خود کو پس پشت کر لینے کا ہنر خوب آتا تھا۔ ان کی اس صفت سے واقف افراد نے، جب بھی چاہا، ان کا ''علمی استحصال'' کیا۔ اردو ادب میں ان کی خدمات کے اعتراف کے طور پر جو کتاب مرتب کی گئی، وہ مکتبہ جامعہ سے **عبد اللطیف اعظمی: حیات و خدمات** کے نام سے ۱۹۸۵ء میں شائع ہوئی، اس میں درج مضامین میں سے اکثر میں بھی ان کی صلاحیتوں کے اعتراف کے انداز میں اعتراف سے زیادہ تمسخر کا پہلو نمایاں ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اقدار کا یہ عاشق، شبلی، ذاکر حسین اور ابوالکلام آزاد کا پرستار دہلی کی ادبی و ثقافتی مجلسوں کا حاضر باش، علمی مناظرے کا بانکہ، ادب، نقاد اور صحافی ایک بھرپور ادبی زندگی گزار کر ۱۱ر مئی ۲۰۰۲ء میں جان جان آفریں کے سپرد کر کے ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگیا۔

پروفیسر نورالحسن ہاشمی

پروفیسر نورالحسن ہاشمی رسالہ جامعہ کے اکتوبر ۱۹۳۹ء سے دسمبر ۱۹۴۳ء تک مدیر رہے۔ یہ زمانہ تھا جب وہ علی گڑھ میں اپنا تحقیقی مقالہ بھی لکھ رہے تھے۔ بقول عبداللطیف اعظمی اکثر و بیشتر وہ رسالے کی ترتیب کا کام بھی علی گڑھ میں ہی کرتے تھے اور مرتب کیا ہوا مسودہ دہلی بھیج دیتے تھے۔ ان کے دور ادارت کے کل چار عدد شذرات کا سراغ ملتا ہے جن میں سے دو رسالے کے لیے مضامین طلب کرنے کے لیے لکھے گئے ہیں۔ ہاشمی صاحب نے رسالے میں دو نئے عنوانات قائم کیے۔ ان میں سے ایک 'اپنی اصلاح' کے نام سے موسوم تھا۔ اس کا مقصد مسلمانوں میں پائی جانے والی سماجی برائیوں کی جانب ان کی توجہ مبذول کرانا تھا۔ اس عنوان کے تحت لوگوں سے مسلمان اور انجمن باهمی، مسلمان اور شعری و شاعری، مسلمانوں کی مذہبی تعلیم اور ہمارے یتیم خانے' وغیرہ موضوعات پر مضامین رسالے

میں ملتے ہیں دوسرا عنوان 'دنیائے ادب' کا تھا۔ اس عنوان کے تحت ہندوستان اور مغربی ممالک کی زبان و ادب میں ہونے والی ادبی سرگرمیوں سے اردو داں طبقے کو واقف کرایا جاتا تھا۔ ایک شمارے میں لندن میں ملک راج آنند اور اقبال سنگھ کے اشتراک سے انڈین رائٹنگ نامی رسالے کے شائع کرنے کی تجویز کا ذکر ملتا ہے ایک دوسرے شمارے میں گجراتی زبان میں انسائکلوپیڈیا کی اشاعت کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ ہاشمی صاحب نے انگریزی ناولوں کے مختصر تراجم کی بھی بنا ڈالی اور جامعہ میں شائع کیا۔ آدم بیڈ کا اختصار خود انھوں نے کیا۔

نورالحسن ہاشمی صاحب نے ہندوستانی مسلمانوں کے تہذیب وتمدن کا عنوان بھی قائم کیا اور اس کے تحت پروفیسر محمد مجیب، مظہر الدین صدیقی، عبد القوی اور عبد الحمید وغیرہ کے مضامین ملتے ہیں۔ لیکن پروفیسر ہاشمی کے دورِ ادارت کے ختم ہونے کے ساتھ ہی یہ عنوانات بھی ختم کردیے گئے۔

پروفیسر نورالحسن ہاشمی اودھ کی ایک مردم خیز بستی سندیلہ میں اگست ۱۹۱۱ء کو پیدا ہوئے۔ اسکول اور کالج کی تعلیم لکھنؤ میں مکمل کی جہاں لکھنؤ یونیورسٹی سے انگریزی زبان وادب میں ایم اے کی سند لی۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے دوسرا، ایم اے اردو اور فارسی میں امتیازی نمبروں سے پاس کیا اور پروفیسر رشید احمد صدیقی کی نگرانی میں دلی کا دبستان شاعری کے موضوع پر مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی سند پائی۔ لکھنؤ یونیورسٹی میں دوران ملازمت کلیات ولی مرتب کیا، جس پر لکھنؤ یونیورسٹی نے ڈی لٹ کی سند عطا کی۔ ہاشمی صاحب نے ملازمت کی ابتداء دہلی کالج میں لکچرر کی حیثیت سے ۱۹۴۴ء میں کی لیکن ایک سال بعد ہی لکھنؤ یونیورسٹی کے شعبۂ اردو فارسی میں لکچرر رہ کر لکھنؤ واپس آگئے اور ۱۹۷۶ء میں اسی جگہ سے بحثیت پروفیسر امیرٹس ریٹائر ہوئے۔

ہاشمی صاحب نے اپنا علمی سفر اردو ادب میں تحقیق وتنقید سے شروع کیا اور تمام عمر تحقیق و تدوین متن میں مصروف رہے۔ نوطرز مرصع، مثنوی سراپا سوز، طوطی نامہ، سب رس، بکٹ کھانی، کلیات حسرت دھلوی، ایک نادر روز نامچہ وغیرہ ان کی تدوین کی ہوئی چند معروف کتابیں ہیں۔ پروفیسر ولی الحق انصاری کے مطابق 'جہاں تک درستی متن کا سوال ہے وہ اس فن میں گنے چنے پروفیسروں میں سے ایک تھے۔ اس کے علاوہ ہاشمی صاحب نے لکھنؤ اور جنگ آزادی، ادب کیا ھے؟ ادب اور مقصد، ناول کیا

ہے؟ جیسی تنقیدی کتابیں بھی لکھیں۔

ہاشمی صاحب کا تعلق ایک ایسے خاندان سے تھا جو دینی اور دینوی دونوں قسم کے علوم میں دستگاہ رکھتا تھا۔ والد مولوی سید مجتبیٰ علی سے طبیعت میں درویشی ملی تھی۔ مزاج میں انکساری اور شرمیلا پن خاصا تھا۔ اگرچہ شاعری کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے اور کلام کا مجموعہ شائع بھی ہو چکا ہے لیکن بہت کم لوگ ان کی شعری صلاحیتوں سے واقف ہیں۔

پروفیسر نور الحسن ہاشمی صاحب نے طویل عمر پائی اور علمی دنیا میں بڑی قدر و منزلت حاصل کی۔ ریاستی اور مرکزی حکومتوں سے توصیفی سندیں ملیں۔ غالب انسٹی ٹیوٹ، یوپی اردو اکادمی، آل انڈیا میر اکادمی وغیرہ نے انعام و اکرام سے نوازا۔ اردو زبان و ادب کا یہ ممتاز محقق ۲۸/نومبر ۲۰۰۰ء کو وفات پا گیا۔

جناب نور الرحمٰن صاحب

جناب نور الرحمٰن صاحب رسالہ جامعہ کے بانی مدیر کا ادبی ذوق بہت نکھرا ہوا تھا۔ یہ جامعہ کے اول دور میں طالب علم تھے اس دور میں اس کے پرنسپل مولانا محمد علی تھے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین، کنور محمد اشرف، سید محمد ٹونکی، عبدالعلیم احراری اور سعید انصاری ان کے علی گڑھ کے ساتھیوں میں تھے۔ نور الرحمٰن صاحب میں لکھنے کا شوق دور طالب علمی ہی سے تھا۔ چنانچہ ان کے اکثر مضامین علی گڑھ میگزین میں شائع ہوئے۔ انھوں نے میر اور اکبر الہ آبادی کے کلام کا انتخاب الگ الگ کتابی صورت میں شائع کیا۔ ۱۹۴۷ء میں جب انجمن ترقی اردو کی تنظیم نو ہوئی اور علی گڑھ اس کا دفتر قرار پایا تو نور الرحمٰن صاحب اس کے سکریٹری مقرر ہوئے لیکن پھر جلد ہی پاکستان چلے گئے جہاں ۱۹۷۲ء کو ان کا انتقال ہو گیا۔

رسالہ جامعہ کی ان کی مدت ادارت ڈیڑھ سال (جنوری ۱۹۲۳ء تا جون ۱۹۲۴ء) کی ہے۔

پروفیسر یوسف حسین خاں

رسالہ جامعہ کی اشاعت جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دور علی گڑھ سے نور الرحمٰن صاحب کی ادارت میں شروع ہوئی۔ لیکن جامعہ ملیہ کے دہلی منتقل ہونے پر دہلی ہی سے ستمبر ۱۹۲۵ء کا شمارہ جب شائع ہوا تو نور الرحمٰن صاحب کی جگہ مدیر کی حیثیت سے مولانا اسلم جیراجپوری اور یوسف حسین خان کا نام تھا۔ یوسف حسین خاں اس وقت جامعہ ملیہ اسلامیہ

کے طالب علم تھے۔ لیکن رسالہ جامعہ کے پہلے شمارے میں بین الاقوامی سیاسیات کے عنوان سے اپنے ایک مضمون کی بدولت ایک مضمون نگار کی حیثیت سے یوسف حسین خاں کا تعلق رسالے سے اس کے روز اول سے قائم ہو چکا تھا۔

یوسف صاحب کی اسکول کی تعلیم اپنے بڑے بھائی ڈاکٹر ذاکر حسین کے ساتھ مسلم اسکول، اٹاوہ میں ہوئی۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ سے بی۔اے کی سند لے کر اعلیٰ تعلیم کے لیے وہ فرانس گئے جہاں سے سوربون یونیورسٹی سے تاریخ میں پی ایچ ڈی کی سند لی۔ فرانس میں ان کے اساتذہ میں پروفیسر لیوی اور پروفیسر مسینوں تھے۔ ہندوستان واپس آکر کچھ عرصے مولوی عبدالحق کے ساتھ انگریزی اردو ڈکشنری کی ترتیب میں شریک رہے پھر عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبہ تاریخ میں استاد ہوگئے۔ عثمانیہ سے پروفیسر کی حیثیت سے ۱۹۵۷ء میں سبکدوش ہوئے۔ یونیورسٹی کی ملازمت کے دوران ریاست کی آرکائیوز سے بھی تعلق رہا۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب کے عہد کی منتخب دستاویزوں کی ترتیب اور نظام اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے درمیان خط کتابت، سلاطین دکن کے فرامین اور ریاست کے ۱۷۶۷ء تا ۱۷۹۹ء کے خبرنامے وغیرہ کی ترتیب واشاعت اسی دور کی یادگار ہیں۔

حیدرآباد سے سبکدوش ہونے پر انہیں ڈائرکٹر نیشنل آرکائیوز، دہلی اور علی گڑھ یونیورسٹی سے پرووائس چانسلر شپ کی پیش کش ہوئی۔ یوسف صاحب نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی پیش کش قبول کرلی جہاں وہ ۱۹۶۷ء تک رہے۔ اس عرصے میں انھوں نے یونیورسٹی لائبریری کی اعزازی لائبریرین شپ کی ذمے داری بھی سنبھالی اور یونیورسٹی آرکائیوز کی ترتیب و تدوین کر کے منتخب دستاویزوں پر مشتمل کتاب شائع کی۔ ۱۹۶۸ء میں یوسف صاحب انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز کے سینئر فیلو ہو کر شملہ چلے گئے جہاں انھوں نے انڈو مسلم پولیٹی نامی کتاب تصنیف کی۔ دہلی واپس آکر ۱۹۷۴ء تا ۱۹۷۷ء غالب انسٹی ٹیوٹ کے سیکرٹری رہے۔ ۱۹۷۷ء سے زندگی کے بقیہ دن تصنیف و تالیف میں گزار کر فروری ۱۹۷۹ء میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

یوسف صاحب کے مطالعے کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ اردو غزل اور روح اقبال یوسف صاحب کی دو کتابیں کلاسیکی حیثیت حاصل کر چکی ہیں۔ انھوں نے غالب صدی کے بین

الاقوامی سمینار کی روداد انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں مرتب کی۔ حسرت کی شاعری پر ایک کتاب بھی لکھی۔ فرانسیسی ادب پر کتاب اور کاروان فکر کے نام سے ...... کا جائزہ لکھا۔ غالب کی اردو فارسی غزلوں کے منتخب کلام کو انگریزی کا جامہ پہنایا۔ ہندوستان کے دستور اور تاریخ کے موضوع پر کتابیں لکھیں۔ حیدرآباد کے زمانے میں سیاست نام سے رسالہ نکالا اور علی گڑھ کے دورانِ قیام فکر و نظر کے بانی مدیر رہے۔

رسالہ جامعہ میں یوسف صاحب کے تاریخ، ادب، سیاست، اسلام وغیرہ موضوعات پر متعدد مضامین موجود ہیں۔

یوسف صاحب کی علمی و ادبی خدمات کا اعتراف علمی اور سرکاری دونوں سطحوں پر کیا گیا۔ ساہتیہ کلا پریشد، دہلی نے ایوارڈ پیش کیا۔ حکومت ہند نے پدم بھوشن کا خطاب عطا کیا اور سب سے بڑا خطاب ان کی تصانیف کو بنیادی مواد تسلیم کر کے دیا گیا۔

شذرات: موضوعی اشاریہ

نمبر شمار	موضوع	نام مدیر	جلد نمبر	شمارہ نمبر	مہینہ	سال	صفحات
۱	آریہ بھٹ، خلائی سیارہ	فاروقی (ضیاء الحسن)	۷۱	۵	مئی	۱۹۷۵	۲۲۷-۲۲۸
۲	آزاد، ابوالکلام، اسلوب بیان	صغراء مہدی	۸۶	۲	فروری	۱۹۸۹	۳-۴
۳	" " انڈیا ونس فریڈم، تیس صفحات	جمال الدین	۸۶	۱	جنوری	۱۹۸۹	۱۰-۱۳
۴	" " سیاسی وادبی افکار	فاروقی (ضیاء الحسن)	۶۷	۴	اپریل	۱۹۷۳	۱۷۱-۱۷۴
۵	" " علم ودین کی ترغیب	" "	۸۸	۲	فروری	۱۹۸۴	۶
۶	" " غیر مطبوعہ خط	" "	۵۸	۶	دسمبر	۱۹۶۸	۲۸۳-۲۸۶
۷	" " فکرونظر	" "	۵۷	۳	مارچ	۱۹۶۸	۱۱۵-۱۱۸
۸	" " " " " "	" "	۵۸	۹	ستمبر	۱۹۸۸	۳-۴
۹	" " " " " "	" "	۸۳	۲	فروری	۱۹۸۶	۳-۶
۱۰	" " " " " "	" "	۷۳	۳	مارچ	۱۹۷۶	۱۱۵-۱۱۷
۱۱	" " ممبرشپ، انجمن دی فیلوشپ	عابد حسین	۸	۴	اپریل	۱۹۲۷	۳۱۹-۳۲۰
۱۲	آزاد، احمد علی، استاد جامعہ، وفات	فاروقی (ضیاء الحسن)	۷۴	۳	مارچ	۱۹۷۷	۱۱۸
۱۳	آزادی، مفہوم	" "	۵۸	۳	ستمبر	۱۹۶۸	۱۱۶-۱۱۸
۱۴	آفتاب احمد خاں، صاحبزادہ، اور مسئلہ خلافت	نور الرحمٰن	۳	۳	مارچ	۱۹۲۴	۱۸۳-۱۸۴
۱۵	" " " کھدر پوشی	" "	۴	۹	ستمبر	۱۹۲۴	۴۳۴-۴۳۵
۱۶	" " وفات	عابد حسین	۱۴	۱	جنوری	۱۹۳۰	۷۶
۱۷	آمریت مخالف غزلیں	فاروقی (ضیاء الحسن)	۷۹	۱	جنوری	۱۹۸۲	۳-۴
۱۸	آنند، ستیہ، (سماجی کارکن) وفات	جمال الدین	۹۰	۵	مئی	۱۹۹۳	۳-۶
۱۹	ابوالعرفان خاں ندوی (استاد ندوۃ العلماء، لکھنؤ) وفات	صغراء مہدی	۸۶	۱	جنوری	۱۹۸۹	۷-۹
۲۰	اتحاد ذہنی، بین الاقوامی ادارہ (جینوا) قیام	عابد حسین	۹	۴/۵	اکتوبر/نومبر	۱۹۲۷	۱۳۱-۱۳۲

۲۱	اجمل خاں، حکیم، امیر جامعہ، سوانح حیات	عابد حسین	۱۵	۴	اکتوبر	۱۹۳۰	۳۲۲-۳۲۱
۲۲	" " ، عقد دختر، جامعہ کی امداد	" "	۸	۱	جنوری	۱۹۲۷	۸۰-۷۹
۲۳	" " میموریل فنڈ، تشکیل	" "	۱۰	۲	فروری	۱۹۲۸	۷۶
۲۴	" " دورہ برائے چندہ	" "	۱۰	۵	مئی	۱۹۲۸	۷۹
